SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Tuesday, June, 14,2005

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at thirty minutes past five in the evening with Mr. Presiding Officer (Dr. Khalid Ranjha) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran

اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

واذکروانعمۃ اللہ علیکم ومیثاقہ الذی واثقکم بہ اذ قلتم سمعنا و اطعنا واتقوا اللہ ان اللہ علیم بذات الصدور۔ یایھا الذین اٰمنوا کونوا قوٰمین للہ شھدآء بالقسط ولا یجرمنکم شنئان قوم علیٓ الا تعدلوا اعدلوا ھواقرب للتقوی واتقوا اللہ ان اللہ خبیر بما تعملون۔ وعد اللہ الذین اٰمنوا وعملوا الصلحٰت لھم مغفرۃ واجر عظیم۔

ترجمہ: اور خدا نے جو تم پر احسان کیے ہیں ان کو یاد کرو اور اس عہد کو بھی جس کا تم سے قول لیا تھا (یعنی) جب تم نے کہا تھا کہ ہم نے (خدا کا حکم) سن لیا اور قبول کیا اور اللہ سے ڈرو۔ کچھ شک نہیں کہ خدا دلوں کی باتوں (تک) سے واقف ہے ۔ اے ایمان والو! خدا کے لئے انصاف

کی گواہی دینے کے لئے کھڑے ہو جایا کرو۔ اور لوگوں کی دشمنی تم کو اس بات پر آمادہ نہ کرے کہ انصاف چھوڑ دو۔ انصاف کیا کرو۔ کہ یہی پرہیزگاری کی بات ہے اور خدا سے ڈرتے رہو۔ کچھ شک نہیں کہ خدا تمہارے سب اعمال سے خبردار ہے۔ جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کرتے رہے ان سے خدا نے وعدہ فرمایا ہے کہ ان کے لئے بخشش اور اجرعظیم ہے۔

(سورۃ المائدہ آیات ۷ تا ۹)

سینیٹر ہدایت اللہ شاہ: جناب والا۔ میں گزارش کرنا چاہتا ہوں۔

سینیٹر رحمت اللہ کاکڑ ایڈوکیٹ: جناب والا! Point of Order. میں مختصراً بات کرنا چاہتا ہوں۔

Mr. Presiding Officer: Please, let me take the Leave Applications first.

LEAVE OF ABSENCE

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، جناب ایاز مندوخیل نے ناسازی طبیعت کی بناء پر مورخہ 11 تا 14 جون کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، سردار محمود خان نے 14 تا20 جون کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں؟

(رخصت منظور کی گئی)

سینیٹر میاں رضا ربانی: جناب والا!---

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ تشریف رکھیں - How long do you propose to take time on these Points of Order.

Senator Mian Raza Rabbani (Leader of the House): It will take about 30 to 45 minuntes.

Mr. Presiding Officer: Mr. Wasim Sajjad! half an hour is enough.

Senator Mian Raza Rabbani : Sir, 45 minutes.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، وسیم سجاد صاحب! میرا خیال ہے کہ آدھا گھنٹہ رکھ لیتے ہیں۔

Senator Wasim Sajjad : Even adjournment motions are limited to half an hour so I would request that some reasonable time, which can be half an hour.

Mian Raza Rabbani: Sir, I agree with the honourable Leader of the House.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، ذرا ہتھ ہولا رکھیں۔

سینیٹر میاں رضا ربانی، جناب ہتھ ہولا ہے لیکن مسئلہ یہ ہے کہ بجٹ کے بعد floor gates کھلے ہیں half an hour We will try to finish it in half an hour sir, to 45 minutes.

سینیٹر چوہدری محمد انور بھنڈر، جناب! میں ہمیشہ عرض کرتا رہا ہوں اور اپنے دوستوں سے بھی بڑی مودبانہ گزارش کرتا رہا ہوں۔ Sir, adjournment motion لیجئے، 25 دیجئے۔ آپ 25 لیجئے اور 25 کو admit کیجئے، 25 کو out of order قرار دیجئے یا in order قرار دیجئے۔ یہ معاملات جتنے بھی Sir ہیں، اس طرح ایک تاثر یہ ملتا ہے کہ جو آدمی آ گیا، جو بات میرے ذہن میں آئی میں کرلوں، میرے ذہن میں بھی ہزاروں باتیں آتی ہیں اور ہر روز اگر ہم out of the agenda, unlimited time کے لیے point of order پر بولتے رہیں تو اصل کام رہ جائے گا۔ میں مودبانہ گزارش کروں گا کہ ہر روز adjournment motion enlist کیجئے۔ میں آپ سے جناب عرض کرتا ہوں کہ چار سو adjournment motions میں نے ایک Session میں dispose of کی تھیں اور ہر روز ہم بیس لیا کرتے تھے۔

Sir adjournment motion لیں خدا کے لیے اگر ان کی difficulty یہ ہے لیکن اس بات سے اجتناب کیجئے کہ ہر روز Point of Order' ہر روز miscellaneous باتیں' ہر روز out of the agenda باتیں۔ میں مودبانہ گزارش کروں گا کہ کم ازکم یہ نہیں ہونا چاہیے۔ کچھ تو rules کی ہم پابندی کرلیں۔ adjournment motions لائیں ہم بڑے اطمینان کے ساتھ ان adjournment motions کو dispose of کریں گے لیکن اس رسم کو جناب! میں کسی ulterior motive یا کسی اور چیز کے لیے نہیں کہہ رہا' میں صرف اس لیے کہہ رہا ہوں ایک rule اور قاعدے کے مطابق چلتے ہیں۔

سینیٹر میاں رضا ربانی، جناب چیئرمین صاحب!

As far as what Mr. Bhinder has said, I would just like to set the record straight and I have been doing this every time. There are 58 Adjournment Motions which have alone been filed by the Democratic Alliance and there are at least 20 to 30 adjournment motions which have been filed by the MMA so that in total make something like 70 to 75 adjournment motions which have been filed and if you look at the detailed Order of the Day, only six of those Adjournment Motions are on the detail Orders of the Day and one of those Adjournment Motions is an adjournment motion which is now infructuous, which goes back to March, of an event happening in March; the Senate has been in session but it is not being taken up.

Now, the problem lies not with us, it is not that the opposition is shying from doing its home work. We are doing our home work. The point is that there is a bottleneck in the Secretariat which is not bringing those motions, No. 1. No. 2, thanks to the government that certain issues,

not an issue but a number of issues crop up on a day. Now, how does one handle those issues and they are all issues of urgent public importance. If any one of them can be termed as frivolous, if any one of them can be termed as ridiculous, I stand corrected but the point is that when you got burning issues which are coming up, what is this house for. It represents the federation. It represents the people and if we cannot air their grievances on the floor of the House then half of our responsibilities would not be complied with, if we do not do that.

I agree with Mr. Bhinder that points of order in their present context are not *stricto senso*, within the framework of the rules but he is also aware that in the draft rules that are under preparation, there is a specific provision for zero hour. Thereby, coming to the conclusion that we have come to this basic conclusion that such interventions necessary.

So, till such time as the new rules come into play, this House has had a tradition of taking up points of orders. We are trying to limit the time and we limited the time even today, I said 30 minutes to 40 minutes. If we hadn't got into this, probably we would have disposed of three or four points of orders by now but we caught up into protracted arguments and the time is consumed in that.

Mr. Presiding Officer: Just a minute. Taking up the point raised by the honourable Leader of the Opposition, incidently we have some very good lawyers sitting in the House and I will like you to reconsider what you have said, in the light of our problems in courts. The

courts are choked up because of poor case management. I would suggest to you that if you could, Bhinder sahib is there, if we could evolve a mechanism, just as the case management, we should resolve the motion management, some kind of a mechanism whereby you can manage it in such a manner that there should be no feeling of step-motherly treatment by anyone of us. But what is needed is the procedure, I, for instance, was talking to Acting President, that why can't we simplify the mechanism and the language in which we resort to the proceedings here. We do the same thing about our procedures in the courts. So, what I am requesting you is that when you are......

Senator Ch. Muhammad Anwar Bhinder: Sir, I would very humbly submit that there is provision in the Rules of Procedure, the Rules of Procedure; lay down everything and in the rules of procedure, the provision of adjournment motions, the provision of privilege motions, everything has been given. Raising point of order is only for a procedural matter. I agree with the Leader of the Opposition that if they have tabled the adjournment motions, they should be taken up. I would very humbly submit that there is no jurisdiction with the Senate Secretariat to withhold them. They should list those adjournment motions, every day 7, 8 or 9 adjournment motions and those should be decided on merits whether they are in order or not. If motion is ruled in order then we have two hours for discussion of that matter. That should be resorted to, that is provided in rules; we should abide by the rules and so far as any

other thing is concerned my learned brother has pointed out that they areunder consideration. If sir, that is pointed as zero hour, zero hour is not a point of order. If we will fix zero hour, every question of public importance would be raised by any member. That would be absolutely alright. It would not be a point of order. The member will ask that I want to raise this point. Your honour will allow that and those questions will be raised when we will fix the zero hour.

Now it is provided in rules sir, if we go by the rules we should allow adjourment motions. Those should come in the House for half an hour. You will sir appreciate that if they raise five points of order, now I think ten points of order in the shape of adjournment motions will be disposed of.

Mr. Presiding Officer: Mr. Raza Rabbani.

Senator Mian Raza Rabbani: First of all the honourable member from the Punjab has used the word, ' if ' with regard to the adjournment motions moved. I have made a categorical statement from the floor of the House, and I stand not to be challenged on that. The Secretariat is here, you can ascertain, the figure may vary by over two this side or that side but those number of adjournment motions have been moved, they are with the Secretariat. Now the problem is that these adjournment motions are serialized and they are given numbers and they have to come up according to the number. Point is that if there is an urgent issue today, for example, let us take yesterday, there was the issue

of the honourable member of the Sindh Assembly who was arrested. Today, there is issue of the PTCL. Now, if adjournment with respect to these two issues were given, they would be at the end of the line.

Mr. Presiding Officer: I think, we are going to have good evidence.

Senator Mian Raza Rabbani: Sorry sir.

Mr. Presiding Officer: We won't have ? The delegation of lawyers and Judges from India is present in the visitor, gallery and this is my addition , they want to see Leader of the Opposition. I welcome the delegation.

(Thumping of Desk)

Mr. Wasim Sajjad: I welcome the honourable Lawyers and Judges from India, we are very pleased and glad to have them here and I think, it is a very good request that they want to meet the Leader of the Opposition, they should urgently meet him so that we can proceed with business.

Mr. Presiding Officer: Just a minute, amongst delegation, we have Judge of High Court and of course, a judge is not within our reach, we have Adovocate General, he would not like him because he representsthe state, he is more aligned with Mr. Wasim Sajjad or the Leader of the Opposition but we have Agrathi Shagarwal there, I would request him that please request us to spare Leader of the Opposition to be with you. We welcome you all.

Senator Mian Raza Rabbani: Sir, I would like, also, on behalf of the combined Opposition, to welcome the honourable delegation from India and we would wish them a very pleasant stay while they are here in Pakistan.

Mr. Presiding Officer: And incidently, I must confess my naiveness, amongst them is a lady who is two times Secretary of the Supreme Bar Association and I asked her, was she student of matric class.

Senator Ch. Muhammad Anwar Bhinder: Sir, one minute. جناب پریذائیڈنگ آفیسر، بھنڈر صاحب ایک منٹ، can we hear the Law Minister first please.

چوہدری شاہد اکرم بھنڈر (وزیرمملکت برائے قانون)، جناب! اس سلسلے میں I just want to request you that we are also new comers here and we are on the learning stage and of course all the seniors are to guide us who are sitting here and we must leave good conventions. According to the rules of the Business of the Senate and if you read yourself that point of order can only be raised inrelaion to the business, at the moment;is there any point of issue at the moment. There is no point of issue at the moment جناب! ہم سارا وقت points of order پر ضائع کرتے ہیں and main business, just a minute sir, there is nothing, you are right sir, I can go through the rule, if you read the rule, a point of order may be raised in relation to the business before Senate at the moment...

(Interruption)

Senator Mian Raza Rabbani: The Law Minister should first read the Rule, the Rule does not talk about an issue at the moment, the Rule talks that a point of order can be raised only with regard to procedure, he should first read the Rule and then make a statement. He makes statement off the cuff, if he does not know the rules, it is not our fault.

(Interruption)

Ch. Shahid Akram Bhinder: I am reading from the Rules.

Senator Mian Raza Rabbani: Sir, I have made a correct interpretation of the Rules, for God's sake. He cannot assume your responsibility, you are to take that all, he does not know rules himself and he is talking about the rules

Mr. Presiding Officer: Just a minute, I think, our problem today is that since the point of order in public perception, is different from point of order as given in the rules. Therefore, what they have zero hour there, we turn it into our proceedings whereby we raise points of order and that is as Bhinder sahib suggested.

Ch. Shahid Akram Bhinder: Sir, I am suggesting this since the basic function of the Parliament is legislation.

Mr. Presiding Officer: Just a minute,

آپ بیٹھئے۔ آج میں سمجھتا ہوں جب آپ--- ایک منٹ،

I think between both of us, I have to speak. What I was saying was that when we discuss and sit together in an informal atmosphere and I am

obsessed with our problems in the courts, it's one thing to file a case and another thing to have the case heard. We have 200 cases on the short list, our problem is that even if you streamline the filing of your motions, we can dispose them of in the House within the time given to us and this is what I call 'management'. We have to sit down and resort to management within the time span, time span we have and of course how would we have them disposed of. Nobody is against it. But as you said you are complainer of being choked at the initial stage. What I am fearing it will get choked just over year. So, I would suggest you that in your Committee which is working on the Rules, should use the word 'motion management' and keeping into account the ground realities, senior members are here, rules are there, I wish I could give a suggestion, بھنڈر صاحب نے بہت محنت کی ہے، وسیم صاحب has been a long time there and I would request you to evolve a mechanism for management of motions and then of course, as you said we have found a solution for points of order in zero hour, that is a sort of our problem today.

(Interruptions)

Mr. Presiding Officer: Yes, Mr. Farooq..

Senator Farooq H. Naek: Sir, it is obvious that the Senate Secretariat is violating the rules as it stands today. And because of the violation of those rules all these problems are arising. If the Secretariat is directed that the adjournment motions which are filed, they should not kill them unilaterally or arbitrarily.

Mr. Presiding Officer: I think Mr. Naik did not understand me.

یہ جو ہے ہر وقت رکھنا as a tutorial ----

سینیٹر فاروق حامد نائیک ، بالکل جناب ! یہ ہو رہا ہے - Then the point of order would be there. اگر adjournment motion کو allow کیا جائے ۔ آپ motion management کی بات کر رہے ہیں ، بالکل ٹھیک ہے مگر motion management تب ہو گا جبکہ adjournment motion کو سامنے تو لے کر آئیں۔ سامنے نہیں آتے ہیں تو this is the problem which the Opposition is facing from the day one.

Mr. Presiding Officer : You are seated over there and I think either I was not clear or you have not..

Senator Farooq H. Naek: No, no. I know what you are saying , now this is the problem which the Opposition is facing.

Mr. Presiding Officer: So, I think what I am saying is to discuss all that out of the House.

Senator Farooq H. Naek: Sir, the Senate Secretariat may kindly be directed not to kill the adjournment motions.

Mr. Presiding Officer: Now I think to solve the problem---if it does not serve any purpose---it has served no purpose at all---I request Mr. Bhinder.

Senator Ch. Muhammad Anwar Bhinder: My colleague has said that I have accused or I have said that he has not moved the motions.. Sir, there is a distinction between giving notice of a motion and moving a motion. He has not yet moved the motion. He has given notice

of a motion. There are 4-5 stages of the motions, giving notice of a motion, then moving of the motion, then proposing of the motion, then putting of the motion and then deciding the motion.

Mr. Presiding Officer: Mr. Naik, Bhinder Sahib knows this book as much as you know your Cr.P.C. and we don't like Cr.P.C. lawyers (smilingly). Yes, please Kakar Sahib.

POINTS OF ORDER: RE: TOLL TAX

سینیٹر رحمت اللہ کاکڑ ایڈوکیٹ، جناب چیئرمین! میں اس معزز ایوان کی توجہ ایک انتہائی اہم قومی مسئلے کی طرف مبذول کروانا چاہتا ہوں اور وہ یہ ہے کہ جیکب آباد اور سبی کے بیچ میں، اگر متعلقہ منسٹر صاحب یہاں موجود ہوں تو وہ اس کی وضاحت فرما سکیں گے کہ جو road under construction ہے۔ اور ابھی 40% road بنی ہے and remaining 60% that is to be completed in next two or three years. ہے انہوں نے اس پر ابھی سے ٹال ٹیکس لینا شروع کر دیا ہے۔ اس بارے میں ٹرانسپورٹ کمیونٹی یا بس ٹرک ٹرانسپورٹرز میں تشویش کی ایک لہر دوڑی ہوئی ہے اور all Pakistan level پر وہ یہ programme stage کر رہے ہیں کہ اگر ہماری بات کو national level پر نہ سنا گیا تو وہ گاڑیاں روک کر بیچ میں کھڑی کر دیں گے اور سبی جیکب آباد واحد گزرگاہ ہے جو سندھ، بلوچستان اور پنجاب کو ملاتی ہے۔

دوسری گزارش یہ ہے کہ ہوشاب اور گوادر کے بیچ میں ایک روڈ کو نیشنل ہائی وے connect کر رہی ہے۔ ضرور کرے لیکن گزارش یہ ہے کہ جب تک یہ road complete نہ ہو اس پر ٹال ٹیکس کا عذاب نازل نہ کیا جائے۔

تیسری گزارش یہ ہے کہ قلات اور چمن کے بیچ میں سڑک نام کی چیز اب کوئی نہیں رہی ہے اور شنید یہ ہے کہ جو پرانے لوگ پریکٹس میں involve رہے ہیں ان کو پھر یہ ٹھیکہ دیا جائے گا۔ اس بارے میں منسٹر صاحب ہوں یا بابر غوری صاحب ہوں، یہ وزیر مواصلات رہے

ہیں بہتر جانتے ہیں۔ میری یہ گزارشات تھیں ۔ شکریہ ۔

جناب پریذائیڈ نگ آفیسر۔ سید ہدایت اللہ شاہ

سینیٹر سید ہدایت اللہ شاہ۔ شکریہ، جناب چیئرمین صاحب! میں وزارت داخلہ کے متعلق چند گزارشات کرنا چاہتا ہوں، پہلی بات نادرا کے متعلق ہے ۔ مجھے اپنے ضلع مانسہرہ کے متعلق معلوم ہے جب ہمارے ضلع میں کوئی آدمی نادرا کے پاس جاتا ہے تو اس سے نادرا والے 70 روپے لیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ آپ یونین کونسل اور تھانے سے تصدیق کروا لائیں اور اس کے ساتھ اپنے والد کا شناختی کارڈ اور اس کے ساتھ "ب" فارم بھی جمع کرائیں۔ میں اس بارے میں یہ گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ غریب لوگ ہوتے ہیں نادرا کوئی ایسا فیصلہ کرے کہ یا تو بلدیہ سے تصدیق کرائے یا صرف فارم پر اکتفا کرے۔ تین ، چار محکمے بنا رکھے ہیں۔ لوگ بیچارے دیہاتی ہوتے ہیں اور ان کو کئی کئی چکر لگانے پڑتے ہیں تو برائے مہربانی وزارت داخلہ یہ مسئلہ حل کرائے۔

دوسری بات یہ ہے کہ ہمارے مانسہرہ میں ایک گاؤں ہے وہاں اصل میں چارسدہ سے آ کر مانسہرہ میں لوگ بہت پرانے مقیم ہو چکے ہیں ۔ اب نادرا ان کے شناختی کارڈ نہیں بنا رہا، میں نے وزارت داخلہ کو پوری رپورٹ دی لیکن افسوس ہے کہ آج تک وزارت داخلہ نے دوبارہ تحقیق کرائی، نہ ہی ان کا مسئلہ حل کرایا۔ میں آپ کی وساطت سے گزارش کرتا ہوں کہ غریب لوگوں کو تنگ کرنے کی بجائے ان کے لیے سہولت پیدا کی جائے ۔ شناختی کارڈ جلدی حاصل کرنا، ان کے لیے ایک بہت بڑا مسئلہ بن چکا ہے جیسے قضیہ کشمیر بن چکا ہے ۔ اس کو حل فرمائیں، شکریہ۔

جناب پریذائیڈ نگ آفیسر۔ محترمہ روشن خورشید بھروچہ۔

سینیٹر روشن خورشید بھروچہ۔ جناب چیئرمین! میں سینیٹر رحمت اللہ کاکڑ کو support کرتی ہوں کہ ابھی وہ راستہ مکمل ہی نہیں ہوا 40% بھی مکمل نہیں ہوا تو اس پر ٹال ٹیکس لگایا گیا ہے۔ اس پر ٹال ٹیکس اس وقت لگایا جائے جب سڑک مکمل ہو ۔ نامکمل سڑک پر ٹال ٹیکس لگانا I don't think that it is right. Thank you.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔رخسانہ زبیری صاحبہ۔

سینیٹر انجینئر رخسانہ زبیری۔ شکریہ، جناب چیئرمین! میں آپ کی توجہ اس قوم کی بدنصیب بیٹی مختاراں مائی کی طرف دلانا چاہتی ہوں ۔ اس کے بارہ سال کی عمر کے بھائی کے مبینہ جرم کے سلسلے میں ایک جرگے نے اسے سزا سنائی ہے اور پھر courts نے culprits کو رہا کر دیا تھا۔ وزیر اعظم صاحب نے خاص طور پر ہدایت دی۔ کیس reopen ہوا اور دوبارہ culprits رہا کر دیے گئے۔ یہ ہمارے عدلیہ کے نظام کے متعلق ایک بات ہے ۔ ایک اور اہم بات یہ ہے کہ یہ خاتون جس کو دنیا کی attention ملی اور ساری دنیا سے لوگوں نے اس کو support کرنا شروع کیا اور اس نے تعلیمی ادارے بنانے شروع کیے اور اپنے علاقے میں بڑے اچھے کام کیے اور جو لوگ rape کے مرتکب ہوئے تھے ان کے بچوں کو بھی پڑھنے کے لیے اجازت دی۔ جناب والا! اب اس خاتون کو exit control list میں شامل کر دیا گیا ہے۔ ایک طرف امریکہ میں پاکستانیوں کے ایک ادارے نے، اس کو بلایا تھا کہ آپ آئیں اور وہاں پر لوگوں سے ملیں لیکن ابھی اس کا پتا بھی نہیں ہے کہ where is she, or she is taken somewhere in police custody. This needs to be immediately taken up sir. Thank you.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ یہ بات کل ہو چکی ہے ۔ اب میں فرحت اللہ بابر صاحب سے درخواست کروں گا کہ وہ اپنا پوائنٹ آف آرڈر پیش کریں۔

RE: THE DETENTION OF NUCLEAR SCIENTISTS

سینیٹر فرحت اللہ بابر۔ جناب چیئرمین! میں آپ کی وساطت سے حکومت کی توجہ ان نیوکلیئر سائنسدانوں کی طرف دلانا چاہتا ہوں جن کو alleged nuclear proliferation کے سلسلے میں گرفتار کیا گیا تھا ۔ ان میں ابھی ایک سائنسدان ڈاکٹرفاروق صاحب ہیں جن کا detention period گزشتہ ماہ ختم ہوگیا تھا لیکن ان کو ابھی تک حراست میں رکھا گیا ہے ۔ ان کے اہل خانہ کو ان سے ملنے کی اجازت نہیں ہے اور ان کا detention period قاعدے اور قانون کے مطابق renew بھی نہیں کرایا گیا۔ میں آپ کی توجہ اس بات کی طرف مبذول

کرانا چاہتا ہوں کہ یہ ایک basic human right violation ہے۔ شکریہ۔

سینیٹر ڈاکٹر عزیز اللہ سانکزئی، حاجی رحمت صاحب نے جو نکتہ اٹھایا اور روشن بھروچہ صاحبہ نے، میں اس میں تھوڑی سی وضاحت کرتا ہوں کہ جیکب آباد سے پہلا ضلع جعفر آباد ہے اور اس کے بعد نصیر آباد ہے۔ یہ چالیس کلومیٹر کا ٹکڑا ہے، روڈ ابھی مکمل نہیں ہوا اور انہوں نے toll tax لگا دیا ہے۔

طریقہ کار کے مطابق پہلے بھی وہاں رعایت دی گئی ہے، مری میں بھی رعایت ہے، اب اس علاقے کے لوگ 20 کلومیٹر کے area سے وہاں اس سڑک پر آجاتے ہیں اور پھر اپنے گھروں کو جاتے ہیں تو وہاں کا عملہ یہ کہتا ہے کہ جی آپ بھی toll tax دیں۔ اس پر دو ہڑتالیں ہوئی ہیں۔ روڈ بند ہوئی ہے۔

جناب! یہ بڑا اہم مسئلہ ہے۔ ہو سکتا ہے کہ اس بات پر کہیں کوئی بڑا نقصان ہو جائے۔ میں خود وہاں سے گزرا ہوں، مجھ سے انہوں نے tax لیا ہے۔ میں دینے کے لیے تیار ہوں لیکن مسئلہ یہ ہے کہ جن لوگوں کے گاؤں 40 کلومیٹر کے radius میں آتے ہیں ان کی روز موٹر سائیکل اور گاڑیاں آتی ہیں وہ روز 30روپے دیں یہ آپ کس قانون کے تحت لے رہے ہیں۔

جناب! میں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ اس پر بہت بڑا فساد ہو گا، خوں ریزی ہو گی۔ میری گزارش یہ ہے کہ آپ مہربانی کریں اور اس پر ایک ruling دیں تاکہ یہ toll tax ختم ہو جائے اور اس علاقے کے لوگوں کو اس سے exempt کیا جائے۔

جناب! ابھی تک روڈ تین سو کلومیٹر میں سے صرف 30 کلومیٹر بنی ہے اور toll plaza پہلے بنا دیا ہے۔ شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، شکریہ۔ جی طاہرہ لطیف صاحبہ۔

سینیٹر طاہرہ لطیف، شکریہ۔ جناب چیئرمین! مختاراں مائی سے آج میری اسلام آباد کلب میں ملاقات ہوئی۔ میں نے ان کا حال پوچھا۔ وہ بالکل ٹھیک ہے۔ اس کی مناسب طریقے سے دیکھ بھال کی جا رہی ہے۔

سینیٹر آغا پری گل، اب اس پر بات نہیں ہو گی کیوں کہ یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ

ہاؤس میں اس کے متعلق بات نہیں ہو گی۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر ، آپ آپس میں فیصلہ کرلیں۔ میرا خیال ہے آپ دونوں lobby میں جا کر فیصلہ کرلیں۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈ نگ آفیسر ، کلثوم پروین۔

سینیٹر کلثوم پروین ، جناب ! میں آپ کا شکریہ ادا کرتی ہوں کہ آپ نے مجھے floor دیا۔ میں حاجی رحمت اللہ کاکڑ صاحب کی بات کو support کرتی ہوں۔ وزیر صاحب National Assembly میں بیٹھے ہیں اگر ان کو بلوا کر اس پر بات کر لی جائے تو بہتر ہو گا۔

جناب ! میرا ایک دوسرا point of order یہ ہے کہ President, Prime Minister and Syed Mushahid Hussain نے کہا ہے کہ اتھل کی Check Post وہاں سے ختم کی جائے مگر ابھی تک وہ Check Post اسی طرح کام کر رہی ہے۔ کئی کئی بسیں گھنٹوں روک کر عورتوں کو اتار کر ، تلاشی لے کر ، پھر روانہ کیا جاتا ہے۔ ملک میں یہ قانون کہیں بھی نہیں ہے۔ بلوچستان کے لیے special قانون کیوں بنائے جاتے ہیں۔ مہربانی کر کے اس پر غور فرمائیں۔

جناب پریذائیڈ نگ آفیسر ، جی کاکڑ صاحب۔

سینیٹر محمد سرور خان کاکڑ ، جناب چیئرمین ! گزشتہ دنوں بلوچستان کے لیے دو پارلیمانی کمیٹیاں بنائی گئیں اور انہوں نے بڑے لمبے چوڑے دورے کیے۔ اس کے بعد انہوں نے اپنی سفارشات مرتب کیں اور ان کو بہت زیادہ media پر publicity دی گئی لیکن افسوس کا مقام یہ ہے کہ اب تک ان سفارشات کا کوئی پتا نہیں چل سکا اور نہ موجودہ بجٹ میں ان سفارشات کو شامل کیا گیا ہے اور نہ وزیراعظم صاحب نے کچھ کیا۔ ہماری پارٹی کے صدر چوہدری شجاعت حسین صاحب نے ان کے بارے میں کوئی ذکر کیا ہے بلکہ تمام حکومت ان کے بارے میں خاموش ہوگئی ہے اور اس طرح بلوچستان کے عوام میں بڑی بے چینی پھیلی ہوئی ہے۔ ان

سفارشات پر عملدرآمد کیوں نہیں ہو رہا ہے؟ اس پر کیوں خاموشی اختیار کی گئی ہے۔ اس کی وجوہات کیا ہیں؟ میں ارباب اقتدار سے پوچھتا ہوں کہ وہ ان کے بارے میں بتائیں کہ وہ کون سے محرکات ہیں، وہ کون سی وجوہات ہیں جن کی وجہ سے بلوچستان کے بارے میں جو سفارشات ہیں وہ سامنے نہیں آ رہی ہیں؟ ان پر کیوں عملدرآمد نہیں ہو رہا ہے؟ تاکہ بلوچستان کے عوام کی تسلی ہو۔ اس پر عملدرآمد کرایا جائے یا پھر لوگوں کو بتایا جائے کہ ان پر عملدرآمد نہیں ہو سکتا تاکہ لوگوں کی بے چینی ختم ہو۔ شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، شکریہ۔ جناب ایس ایم ظفر صاحب۔

RE: THE CASE OF MUKHTARAN MAI

سینیٹر ایس ایم ظفر، جناب چیئرمین! میں نے ہاتھ کھڑا کر کے اور اشارہ تو اس وقت کیا تھا جب ادھر سے بھی اور اس جانب سے بھی مختاراں مائی کا مسئلہ اٹھایا گیا لیکن شاید آپ کی نظر اس وقت نہیں پڑ سکی۔ آپ جانتے ہیں کہ میں ایک --------

Mr. Presiding Officer: Please, can we have order in the House?

سینیٹر ایس ایم ظفر، میں ایک انسانی حقوق کی انجمن کا سربراہ ہوں اور Human Rights Society of Pakistan کی سربراہی کے فرائض کئی سالوں سے نباہ رہا ہوں۔ Human Rights Society of Pakistan نے آج سے دو سال پہلے جب یہ فیصلہ کرنا تھا کہ اس سال کسے Human Right کا Award دیا جائے تو انہوں نے یہ فیصلہ کیا کہ مختاراں مائی کو Human Right کا Award دیا جائے۔ یہ بہت مشکل سا فیصلہ تھا اور فیصلے پر پہنچنے کے لیے بہت سوچ بچار کرنی پڑی وہ اس لیے کہ Human Rights Society of Pakistan نے اس سے پہلے جن لوگوں کو award دیے تھے ان میں جسٹس کارنیلئس، نوابزادہ نصر اللہ، دراب پٹیل، حکیم محمد سعید اور اس قسم کی بڑی نامور شخصیات جنہوں نے بڑے کارہائے انسانی حقوق سر انجام دیے تھے اور پاکستان میں انہوں نے ایک نام پیدا کیا تھا بلکہ پاکستان سے باہر بھی ان کی شناخت انسانی حقوق کے ان معاملات میں کی جاتی تھی۔

مختاراں مائی نے تو ایسی کوئی بات کی نہیں ہوئی تھی اور اس jury میں آپ بھی جانتے ہیں، شاید آپ بھی ایک وقت جب صدر تھے ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کے، اس میں شریک ہوئے۔ بڑی معزز شخصیات، سمجھدار لوگ، دانشور بیٹھتے ہیں اور انہوں نے فیصلہ کیا کہ نہیں اس سال اتنی بڑی شخصیات کے درمیان ہم نے مختاراں مائی کو award دینا ہے اور اس کی وجہ جو citation میں بھی بیان کی گئی تھی وہ یہ تھی کہ مختاراں مائی کے ساتھ جو واقعہ ہوا ہے وہ تو اپنی جگہ کوئی معنی نہیں رکھتا ہوگا، ہمارے ملک میں بہت سارے ایسے واقعات ہوتے ہیں لیکن اس واقعہ کے بعد جس انداز میں اور جس طرح اس نے استقلال دکھایا ہے اور یہ فیصلہ کیا ہے کہ ان ملزمان کو، جنہوں نے اس کے ساتھ یہ زیادتی کی ہے وہ انصاف کے دروازے تک لے کر جائے گی اور وہاں سے انصاف حاصل کرے گی۔ اس کا یہ عزم اور اس کا یہ فیصلہ، ان تمام بیانات کے مقابلے میں، ان تحریکوں کے مقابلے میں ایک عظیم فیصلہ تھا اور ہم نے دیکھا کہ وہ استقلال کے ساتھ باوجود یہ کہ وہ ایک نحیف سی خاتون ہے اور ایک غریب علاقے سے تعلق رکھتی ہے۔ ایسی جگہ اس کے ساتھ یہ ظلم ہوا جہاں بہت عجیب و غریب قسم کا ماحول موجود ہے۔ جہاں معاشرے نے بھی خود اس کا ساتھ نہ دیا، جن لوگوں کو ہم ظالم کہتے ہیں لیکن اس کے باوجود اس نے مقدمہ لڑنے کی پوری کوشش کی، اس وجہ سے اس کو award دیا گیا۔

آج یہاں پر بہت سی باتیں ہوئی ہیں۔ مختاراں مائی کا ماضی بھی ہے، مختاراں مائی کا حال بھی ہے، مختاراں مائی کا مستقبل بھی ہے ہم اس کے ماضی کی باتیں زیادہ کر رہے ہیں اور یہ دیکھ رہے ہیں کہ کیا اس کے ساتھ ہوا ہے ، کیا اس کے ساتھ ہو چکا ہے۔ اس کا حال سب سے اہم ہے۔ اس کا حال یہ ہے، حال سے میری مراد present ہے، آج کا زمانہ، جس دور میں سے وہ گزر رہی ہے اور یہ وہ دور ہے کہ اگر وہ کامیاب ہوگئی اور اللہ کرے وہ کامیاب ہو، ہم سب کو کوشش کرنی چاہیے کہ وہ کامیاب ہو، جس کی خاطر ایوارڈ بھی اسے دیا گیا، تو یقین جانیے کہ وہ بہت سی خواتین، وہ بہت سی عورتیں، وہ بہت سے معصوم بچے، وہ بہت سی غریب گھرانے کی لڑکیاں شاید ان لوگوں سے جو ظالمانہ نظر رکھتے ہیں اور وحشیانہ مزاج رکھتے ہیں تو ان سے محفوظ رہ سکیں گی۔ اگر وہ کامیاب نہ ہوئی تو اس کا نتیجہ کیا ہوگا؟ اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ وہ لوگ اسی طرح دندناتے پھریں گے اور بار بار جب ایسے واقعات ہوں گے تو ان پر افسوس کا

اظہار بھی کر لیا کریں گے اور points of order بھی اٹھا لیا کریں گے۔ یہاں نیلوفر بختیار صاحبہ نے کہا تھا کہ پرائم منسٹر نے ایک انکوائری بٹھائی ہے، اخبار میں بھی میں نے پڑھا ہے کہ ایک انکوائری بٹھائی گئی ہے کہ اسے باہر جانے دیا جائے یا نہیں اور کہ اس کا نام exit control list میں کیوں ڈالا گیا۔ میری رائے ہوگی کہ آپ موجودہ حالات کی روشنی میں اور میرا خیال ہے کہ ایوان اس معاملے میں ہمارا ساتھ دے گا، یہ بات پرائم منسٹر صاحب کو میری جانب سے کہنے کی جسارت کریں کہ بجائے اس کے کہ وہ انکوائری کریں، وہ اپنے خصوصی اختیارات استعمال کر کے مختاراں مائی کا نام exit control list سے خود ہٹا دیں۔

(ڈیسک بجائے گئے)

سینیٹر ایس ایم ظفر: یہ کہا گیا کہ وہ اگر ملک سے باہر گئی تو ملک کا image خراب ہو جائے گا۔ میں اس سے متفق نہیں ہوں۔ اگر وہ ملک سے باہر بھی گئی، تو آخر کون سی چیز آج چھپی ہوئی ہے۔ جتنی باتیں اس کی تھیں وہ ہو چکیں بلکہ اس کو ملک میں روکنے یا اس کے اوپر کوئی قدغن لگانے سے ملک کا image خراب ہوتا ہے۔ اگر وہ ملک سے باہر گئی تو بہت سارے لوگ دیکھیں گے کہ پاکستان کی ایسی نحیف و نزار خاتون، ایک دیہات سے آئی ہے، اس کا یہ استقلال ہے، یہ مزاج ہے، وہ اتنی ہمت رکھتی ہے تو اس سے یقینی طور پر پاکستان کا image بلند ہوگا۔ ہمیں اس معاملے میں اسی کا ساتھ دینا چاہیے۔ میں آپ سے عرض کروں گا کہ اس قسم کی بحث کو اب مزید طول نہ دیا جائے۔ وہ تمام این جی اوز جو اس معاملے میں شامل ہیں، ان سے بھی میری درخواست ہے کہ وہ اپنی داستان کو زیادہ طول نہ دیں، وہ over stage نہ کریں اور یہ کہ اگر مختاراں مائی پاکستان میں ہے تو یقیناً اس کو safety کی ضرورت ہے۔ اس کی حفاظت کی ضرورت ہے۔ ہم سب کو ایک دوسرے کے ساتھ اشتراک کر کے مختاراں مائی کے حال پر نظر رکھنی چاہیے تاکہ پاکستان کے آئندہ کے واقعات کے سلسلے میں ہمارا مستقبل بہتر ہو سکے۔ بہت بہت شکریہ۔

Mr. Presiding Officer: Can we hear the Minister first.

میرا خیال ہے۔

سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم (وزیر مملکت برائے داخلہ) ، جناب ! اس بات کی clarification.....

جنابَ پریذائیڈ نگ آفیسر : اگر میری بات پوری سن لیتے۔

سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم: جناب! ایک منٹ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر : ایک منٹ کیا مطلب ہے آپ کا۔ میں کہہ رہا ہوں کہ میری بات سن لیں۔

سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم: جناب ایک منٹ کا مطلب ایک منٹ ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر : جب میں کہہ رہا ہوں، میری بات سن لیں تو میرا ایک منٹ کم ہے۔ ایک منٹ جی، میں سمجھتا ہوں چونکہ طاہرہ لطیف صاحبہ کو میں نے بولنے سے منع کیا، پری گل اگر آپ بیٹھ جائیں۔ چلیں پھر میں چپ کر جاتا ہوں، آپ بول لیں۔

سینیٹر آغا پری گل : جب یہاں اس topic پر ہم نے بات ہی ختم کر دی۔ چیئرمین صاحب نے بھی کہا کہ یہ بات یہاں پر دوبارہ نہیں ہونی چاہیے۔ جب ایک چیز کورٹ میں چل رہی ہے، ہائی کورٹ میں، سپریم کورٹ میں تو یہاں پر اٹھانے کی بار بار ضرورت کیا ہے۔

جناب پریذائیڈ نگ آفیسر: اب اٹھ گیا ہے ناں۔

سینیٹر آغا پری گل : نہیں اٹھانا چاہیے۔ یہ غلط بات ہے۔ یہ سینیٹ ہے۔ آپ مجھے بتائیں کہ آخرکار یہ ایوان بالا ہے۔ یہاں پر ہر بندہ جو جا کر این جی او کی دعوتوں میں بیٹھ جاتا ہے، کھانے کھا کر این جی او سے واپس آتے ہیں، یہاں پر شروع ہو جاتے ہیں۔

جناب پریذائیڈ نگ آفیسر: اچھا بات سن لی ہے اب بیٹھ جائیں۔

سینیٹر آغا پری گل : نہیں غلط بات ہے۔ ہمیں تھوڑی سی اس ایوان بالا کی عزت رکھنی چاہیے۔ ہم اتنے اب رہ بھی نہیں گئے ہیں کہ روزانہ مختاراں مائی کی بات ہوتی ہے۔ دوسری عورتوں کا topic یہاں کیوں نہیں ہوتا۔ صرف ایک مختاراں مائی ہے۔ میرے خیال میں وہ ضرور کسی کی کچھ لگتی ہوگی۔ ضرور اس کے اندر کوئی ایسی چیز ہے جو یہ لوگ اس کی اتنی زیادہ

support کر رہے ہیں۔ کوئی خاص چیز نہیں ہے، ہزاروں عورتیں یہاں پاکستان میں اس طرح ہوتی ہیں۔ ان کا کوئی نام نہیں لیتا۔ جب آپ کے سامنے اس floor پر یہ طے ہوا تھا کہ آج کے بعد یہ topic سینیٹ میں نہیں چلے گا۔ آپ چیئرمین کی سیٹ پر بیٹھے ہوئے ہیں، آپ انصاف کریں اور بند کریں۔ خدا کا واسطہ! یہ کیا ہے؟ ہم عورتوں کی بے عزتی ہو رہی ہے۔ جان بوجھ کر مختاراں مائی، مختاراں مائی۔ اب اگر ہوا تو ہم لوگ نکل جائیں گے۔ آپ بیٹھ کر سینیٹ چلائیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ٹھیک ہے، طاہرہ لطیف صاحبہ۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: دیں گے، جواب دیں گے، ان کو بات کرنے دیں۔ پھر میں منسٹر صاحب کو خود request کروں گا۔ جی طاہرہ لطیف صاحبہ۔

سینیٹر طاہرہ لطیف: جناب چیئرمین! Ministry of Woman Development اس کی بہت مدد کر رہی ہے۔ اس کو look after کر رہی ہے۔ Interior Ministry نے کہا ہے کہ ہم دوبارہ اس کیس کا جائزہ لیں گے۔ Information Ministry اس کی help کر رہی ہے۔ سب مل کر اس کی help کر رہے ہیں۔ پری گل جو کہہ رہی ہے، کل تک میں بھی کہہ رہی تھی کہ دوبارہ اس کا نام نہیں لینا چاہیے۔ لیکن آج جب میری اس سے ملاقات ہوئی میں نے دیکھا کہ وہ واقعی اتنی نحیف اور کمزور عورت ہے اور ایسے backward علاقے سے وہ تعلق رکھتی ہے۔ اس کی یہ ہمت ہے کہ وہ یہاں تک آئی ہے۔ آج وہ اسلام آباد میں بیٹھی ہوئی ہے۔ اس کو دیکھ کر میں نے آفرین کہا۔ میں یہ کہتی ہوں کہ اس معاملے کو سیاسی رنگ نہیں دینا چاہیے۔ شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی منسٹر صاحب۔ پہلے منسٹر صاحب کی بات سن لیں۔

سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم: شکریہ۔ جناب چیئرمین! پہلے تو میں یہ کہنا چاہوں گا کہ آپ سے میں نے ابھی بات کرنے کی اجازت لی۔ بہرحال اس کے بعد اگر کوئی بغیر مائیک کے بولتا ہے تو آپ اس کو اجازت دے دیتے ہیں۔ میرے خیال میں یہ مناسب چیز نہیں ہے۔ جناب چیئرمین! ابھی ایس ایم ظفر صاحب نے اس سارے معاملے پر روشنی ڈالی۔ ایس ایم ظفر

صاحب کی ہم بڑی عزت کرتے ہیں اور ہم جانتے ہیں کہ human rights کے حوالے سے ان کا اپنا ایک مقام ہے۔ ان کے جو بھی الفاظ ہیں ان کے اندر اپنا ایک وزن ہے۔

Mr. Presiding Officer: Please order in the House.

سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم: میں یہ بھی مانتا ہوں کہ انہوں نے بڑے درد دل کے ساتھ اس واقعے پر روشنی ڈالی لیکن میں ریکارڈ کی درستگی کے لئے ایک دو باتیں کرنا چاہوں گا۔ پہلی بات یہ ہے کہ ابھی جو Prime Minister inquiry کا ذکر آیا تو میں clear کرنا چاہوں گا کہ انہوں نے ECL کے لئے انکوائری کا نہیں کہا تھا۔ انہوں نے اس سارے واقعے کے متعلق ایک رپورٹ مانگی تھی جو عموماً وزیراعظم صاحب مانگتے ہوتے ہیں اس سارے واقعے generally کے متعلق۔ دوسری بات ابھی انہوں نے خود کہی کہ اس کے ملک سے باہر جانے سے کیا فرق پڑتا ہے کیونکہ جو بات یہاں ہوتی ہے وہ باہر تو جاتی ہے۔ اسی طرح میں یہ کہنا چاہوں گا کہ ملک کے اندر رہ کر بھی، ان کو، کسی سے رابطے میں کوئی problem نہیں ہے۔ اگر ایمنسٹی انٹرنیشنل ہے تو ان کی بھی برانچیں یہاں پر موجود ہیں۔ اسی طرح تمام ممالک کے سفارتخانے بھی یہاں موجود ہیں۔ تو یہ ہرگز مسئلہ نہیں ہے۔

تیسری بات یہ ہے کہ ہم نے بارہا کہا ہے کہ اس مسئلے کو ایک انسانی مسئلے کے حوالے سے ضرور لینا چاہیے۔ اس مسئلے کو ایک case study کے حوالے سے ضرور لینا چاہیے تاکہ ہم اپنے معاشرے میں پھیلے ہوئے ان عوامل کی نشاندہی کر سکیں، ان رویوں کی نشاندہی کر سکیں، ہم اپنے جوڈیشل سسٹم میں ان lacunas کو دیکھ سکیں جن کی وجہ سے انصاف کی فراہمی میں تاخیر ہوتی ہے مگر problem وہاں آتا ہے When we have to draw a line. جہاں پر اس سے ہٹ کر ایک خاص quarter کی طرف سے یہ کوشش کی جاتی ہے کہ اس مسئلے کو اس طرح کا رنگ دیا جائے کہ جس سے پوری پاکستانی قوم کی تذلیل کا پہلو نکلتا ہو۔ ہم صرف اس کی مخالفت کرتے ہیں۔ جیسا کہ انہوں نے کہا اس کے حال کے متعلق۔ تو اس کے حال کے متعلق بھی میں یہ کہنا چاہوں گا کہ اسی چیز کو appreciate کرتے ہوئے، حکومت پاکستان نے Ministry of Woman Development کی طرف سے اس کے گاؤں میں crisis centre

بنایا ہے۔ وہاں پر سکول بنائے جا رہے ہیں۔ .Just to pay tribute for her struggle ایک بات اور کر کے میں اس معاملے کو ختم کرنا چاہوں گا کہ اس معاملے کو وہاں پر نہ لے جائیں کہ جس کی طرف میں اشارہ کرنا چاہ رہا ہوں۔ میں نے اخبار میں ایک خبر پڑھی ہے۔ میں اس اخبار کو quote بھی کر سکتا ہوں کہ جس میں کہا گیا کہ سکول کی ایک بچی سے پوچھا گیا کہ بیٹا آپ بڑی ہو کر کیا بننا چاہو گی تو اس نے کہا کہ مختاراں مائی۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، پروفیسر خورشید صاحب۔ جن کے نام پہلے آئے ہوئے ہیں ان کی باری پہلے آئے گی۔

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد، جناب چیئرمین! شکریہ، میرا موضوع اس واقعے سے متعلق نہیں ہے۔ میں در اصل کاکڑ صاحب کی تائید کرنا چاہتا ہوں کہ بلوچستان کے مسئلے پر جو کمیٹی بنی تھی، مجھے بھی اس میں ممبر ہونے کا شرف حاصل ہے اور مشاہد صاحب کی زیر صدارت جو کمیٹی ہے 'اس نے بڑی محنت کر کے کچھ حقیقی مسائل کے بارے مفید تجاویز دی ہیں لیکن ایک طرف مسائل سلگ رہے ہیں۔زیر زمین لاوا پک رہا ہے لیکن حکومت تغافل برت رہی ہے اور خود کمیٹی بھی، میں اپنے آپ کو guilty سمجھتا ہوں میں نے آج بھی مشاہد صاحب کو متوجہ کیا ہے اور کمیٹی بھی اس بات کے لیے ذمہ دار ہے۔ کم از کم اس کا فرض ہے کہ وہ اپنی تجاویز کو قوم کے سامنے، پارلیمنٹ کے سامنے رکھ دے۔چھ مہینے گزر چکے ہیں۔ جنوری میں ہم نے تجاویز مکمل کر لیں تھیں۔تو یہ میرے خیال میں صحیح نہیں ہے۔چونکہ انہوں نے مسئلہ اٹھایا ہے میں اس کی تائید کرنا چاہتا ہوں اور میرا خیال ہے کہ کمیٹی کو، اور دونوں سب کمیٹی کے حضرات کو، اور کمیٹی کے چیئرمین کو، اپنا فرض ادا کرنا چاہیے۔ورنہ ہمارے پاس کوئی اور راستہ نہیں ہوگا کہ ہم کمیٹی سے مستعفی ہو جائیں۔شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، رضا ربانی صاحب، میرا خیال تھا I was keeping a list namewise جیسا کہ آپ نے دیا ہے۔

Senator Mian Raza Rabbani: Sir, I don't mind after speaking two or three speakers. Let them have an opportunity.

جناب پریذائیڈ نگ آفیسر، جناب بیگ صاحب۔

سینیٹر محمد انور بیگ، شکریہ جناب چیئرمین! جیسے آپ کو پتا ہے کہ this year from January to May about 550 people committed suicide because of economic reasons and I have been mentioning this, time and again, that in Pakistan International Airlines the Government is trying to trench about 5000 workers from the flight kitchen to the ground support. I would like the honourable Minister for Defence, if he is in the House, to kindly make a statement, is this the fact or not?

Mr. Presiding Officer: Now, I request Dr.Sahib.

دو ڈاکٹر ہیں۔آپ کے پیچھے بھی ایک ڈاکٹر کھڑے ہیں۔ڈاکٹر خواجہ صاحب۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اکبر خواجہ، جناب چیئرمین! بہت شکریہ، کل ہم numbers or transparency کی بات کر رہے تھے، آج مجھے کسی دوست نے بتایا اس بجٹ میں وزارت داخلہ سپیکر نیشنل اسمبلی کے لیے ایک خاص provision کر رہی ہے۔مجھے سمجھ نہیں آ رہی کہ وزارت داخلہ کیوں سپیکر نیشنل اسمبلی کا گھر بنا رہی ہے۔ Residence of Speaker of National Assembly پر کوئی وزیر صاحب comment کرنا چاہیں۔

جناب پریذائیڈ نگ آفیسر، آفریدی صاحب۔

سینیٹر حمید اللہ جان آفریدی، شکریہ، جناب چیئرمین! میں آپ کی توجہ ایک important issue کی طرف دلانا چاہتا ہوں۔ آج کے اخباروں میں بھی آپ نے پڑھا ہوگا کل کوہاٹ روڈ جو درہ سندھ اور سرائیکی بیلٹ D.I. KHAN کو ملاتی ہے ساری major traffic اس پر rely کرتی ہے اور ۹ گھنٹے تک وہ متنی زئی کے ساتھ صبح سات بجے سے لیکر شام چار بجے تک وہاں کے لوگوں نے سڑک کو بلاک رکھا۔ جناب چیئرمین! آپ اندازہ کر سکتے ہیں کہ اتنے لوگوں کو جس میں مریض بھی تھے سکول کے لوگ بھی تھے۔ ان کا مؤقف ٹھیک ہے کہ ان کے گاؤں کے دو آدمی kidnap ہوئے اور بعد میں مارے گئے۔ان کا خیال ہے کہ شاید یہ درہ

آدم خیل کے کچھ لوگ تھے انہوں نے وہ واقعہ کیا ہے جس کی وجہ سے انہوں نے پورا روڈ وہاں بلاک کیا۔ اس میں میری التجا یہ ہے کہ یہ totally صوبائی حکومت کا failure ہے کہ نو گھنٹے تک اتنی اہم شاہراہ بند رہی اور وہ اس کو کھلوا نہیں سکے۔اس کے ساتھ افسوس کی بات یہ بھی ہے کہ وہاں کے لوکل MPA اور MNA اس mob میں ان کے ساتھ وہاں موجود تھے انہوں نے threat دی ہے ۔ میری آپ سے گزارش ہے کہ اس میں کوئی clear cut direction issue کی جائیں۔ اگر وہ اتنے competent نہیں ہیں یا نہیں سمجھتے ہیں تو اس میں باقاعدہ آرمی بھیجی جائے اور اس قسم کے لوگوں کو اس قسم کے کاموں سے روکا جائے۔ شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، رزینہ عالم صاحبہ۔

سینیٹر رزینہ عالم خان، میں آپ کی توجہ ۸ تاریخ کے نوائے وقت کی اس خبر کی جانب مبذول کرانا چاہتی ہوں جس میں کرنٹ لگنے سے ایک غریب کسان کے ڈیڑھ لاکھ روپے کے مویشی ہلاک ہو گئے۔جناب والا! یہ ڈھوک دادو ہے۔جہاں پر بجلی کے تار گرے ہوئے تھے۔ اور جب انہوں نے IESCO کے حکام کو اطلاع دی تو وہاں سے کوئی ملازم نہیں آیا اور اگلی صبح اس کسان کے مویشی current لگنے سے ہلاک ہو گئے۔ میری آپ کے توسط سے گزارش ہے کہ اب چونکہ برسات کا موسم آ گیا ہے اور پچھلے موسم میں بھی بہت ساری قیمتیں جانیں current لگنے سے ضائع ہوئی تھیں۔ اس لئے WAPDA اور IESCO کے حکام کو ہدایت کی جائے کہ loose تاروں کو دیکھا جائے تاکہ آئندہ اس قسم کے حادثات کی روک تھام ہو سکے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، جناب الیاس بلور صاحب۔

سینیٹر الیاس احمد بلور، جناب والا! میں basically privatisation کی favour کرنے والا آدمی ہوں لیکن میں یہ سمجھتا ہوں کہ آپ کے وہ ادارے جو اس وقت نقصان میں جا رہے ہیں، جن کے لئے آپ نے بجٹ میں Rs.100 million رکھے ہیں کہ آپ نے ان کو report کرنا ہے۔ اس لئے پہلے ان کو privatise کریں اور اس کے بعد PTCL کو privatise کریں۔ جناب والا! آج جو PTCL کا حشر ہو رہا ہے، اس کے پیش نظر میں نہیں سمجھ

سکا ہوں کہ PTCL میں کیا چکر ہے اور اس کو جلدی میں privatise کرنے میں کون involve ہے اور کون involve نہیں ہے؟ اس میں کیا kick back ہے اور کیا نہیں ہے؟ جناب والا! آپ PTCL کو privatise کر رہے ہیں جو اتنے billion profit show کر رہی ہے۔ اس کو privatise کرنے سے بہتر یہ نہیں ہے کہ جو ادارے loss میں جا رہے ہیں، پہلے ان کو privatise کریں۔ اس سلسلے میں ہزاروں آدمی گرفتار کر لئے گئے ہیں، ہزاروں لوگ underground ہو گئے ہیں۔ اس وقت PTCL کا system اتنا خراب ہے کہ کوئی telephone تک نہیں اٹھاتا ہے اور کوئی آدمی وہاں نہیں ہے۔ وہاں آرمی بیٹھی ہوئی ہے، Ranger والے بیٹھے ہوئے ہیں۔ آخر PTCL میں کسی کی کیا involvement ہے کہ وہ PTCL کو پہلے privatise کروانا چاہتا ہے اور جو ادارے losses میں جا رہے ہیں اور جن کے لئے Rs. 100 million آپ نے بجٹ میں رکھے ہیں، آپ پہلے ان کو privatise کیوں نہیں کرتے ہیں؟

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: اسمٰعیل بلیدی صاحب۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: جناب والا! میں آپ کی توجہ ایک اہم مسئلہ کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں اور مسئلہ یہ ہے کہ حال ہی میں PIA نے پورے ملک میں اپنے کرایوں میں کمی کا اعلان کیا ہے تاہم یہ اعلان انہوں نے Boeing Flights کے لئے کیا ہے۔ اس کمی میں فوکر جہازوں کے کرایہ میں کمی کا اعلان شامل نہیں ہے۔ جناب والا! میں سمجھتا ہوں کہ Boeing جہازوں میں سرمایہ دار سفر کرتے ہیں لیکن مکران اور دیگر پسماندہ علاقوں سے لوگ فوکر جہازوں میں سفر کرتے ہیں، اس لئے آپ ان کے کرایوں میں بھی کمی کے لئے کوئی ruling دیں یا اس کا نوٹس لیں۔ ابھی متعلقہ وزیر یہاں بیٹھے ہوئے تھے لیکن ابھی اٹھ کر چلے گئے ہیں۔

جناب والا! میرا دوسرا مسئلہ بھی PIA سے متعلق ہی ہے۔ 24 فروری کو Standing Committee on Defence کی meeting, Headquarters کراچی میں ہوئی تھی، اس میں مجھے specially بلایا گیا تھا۔ وہاں میں نے یہ مسئلہ اٹھایا تھا کہ 1997-98 میں فوکر سروس تربت

سے دوبئی چلائی گئی تھی اور بعد میں اسے بند کر دیا گیا کیونکہ فوکر میں ایک TAKAS نامی آلہ ہوتا ہے، وہ ان میں fit نہیں تھا، اس لئے UAE اور متعلقہ گورنمنٹ نے انہیں منع کیا اور یہ سروس بند کر دی اور کہا کہ ان جہازوں میں TAKAS آلہ fit کیا جائے۔ میں ان تین چار سالوں میں PIA کی concerned authority سے چار پانچ meetings کر چکا ہوں۔ دو دفعہ انہوں نے وعدہ بھی کیا تھا اور میں نے اخبار میں بھی دیا تھا کہ فلاں تاریخ سے یہ service دوبارہ بحال ہو جائے گی لیکن انہوں نے یہ service بحال نہیں کی ہے۔ 24 فروری کو PIA کے چیئرمین نے خود اعتراف کیا اور مجھ سے پوری کمیٹی کے سامنے معافی مانگی کہ گزشتہ جو ہوا ہے، اس کی معافی مانگتے ہیں لیکن آگے کے لئے ہم آپ سے commitment کرتے ہیں اور surety دیتے ہیں کہ 15 جون کو ہم یہ service بحال کر دیں گے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، آپ Point of Order پر بات کر رہے ہیں، نہ کہ تقریر کر رہے ہیں۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: جناب والا! کل 15 جون ہے لیکن ابھی تک یہ service بحال کرنے کا schedule سامنے نہیں آیا ہے۔ لہذا Standing Committee on Defence کے تمام اراکین کا breach of privilege بنتا ہے۔ آپ اس پر ruling دیں ورنہ کل کے بعد دوبئی میں ہمارے concerned بلوچی دھرنا دیں گے اور میں چیئرمین PIA کے دفتر میں جا کر دھرنا دوں گا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: لیاقت بنگزئی صاحب! آپ مہربانی کرکے اپنی سیٹ پر آ جائیں۔ آپ ہاتھ تو اٹھاتے ہیں لیکن نظر نہیں آتے۔

سینیٹر لیاقت علی بنگزئی: جناب چیئرمین! "بڑی دیر کی مہربانی آتے آتے!"

جناب والا! یہاں National Highways کے حوالے سے بات ہو رہی تھی، جس کی ابتدا رحمت اللہ کاکڑ صاحب نے کی۔

Mr. Presiding Officer: But is it a related idea.

سینیٹر لیاقت علی بنگزئی: الحمدللہ۔ اس وقت ہمارے وزیر صاحب مواصلات بھی

تشریف فرما ہیں۔ جناب چیئرمین! میں سمجھتا ہوں کہ اصل مسئلہ یہ ہے کہ ہم لوگوں نے privatise کرکے باقاعدہ سرمایہ کاری شروع کی ہوئی ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر : میری ارکان سے گزارش ہے کہ Points of Order پر تقریر نہیں ہوتی ہے۔

سینیٹر لیاقت علی بنگزئی : جناب والا! ان کے motto میں سے ایک motto ہے کہ چاروں صوبوں کی زنجیر National Highways ہیں۔ اب میں نہیں سمجھتا کہ جب بلوچستان کے border پر یہ زنجیر آتی ہے تو وہاں ان زنجیروں میں انسانوں کو جکڑ دیتے ہیں۔ سبی جیکب آباد سیکشن جو کہ تین سو کلومیٹر ہے وہاں اس وقت تیس کلو میٹر، اور اگر میں غلط کہتا ہوں تو ہمارے وزیر صاحب اس کی تردید کر سکتے ہیں، میں نے خود مشاہدہ کیا ہے، وہ بیل پٹ سے نوتال تک بنی ہوئی ہے۔

جناب والا! انسانی ہمدردی کے حوالے سے میں سوچتا ہوں کہ ہم لوگوں کے لیے یہاں پر پینے کا پانی نہیں ہے۔ جناب! جو ٹول ٹیکس لگایا گیا ہے، میں اس کی پرزور مذمت کرتے ہوئے وزیر صاحب سے یہ گزارش کروں گا کہ ایک تو پہلے ہی اس سیکشن پر، کراچی سب سیکشن پر چھوٹی سی پانچ فٹ کی------ہیں حالانکہ اس کی کوئی تک نہیں بنتی، نہ کوئی جواز ہے۔

جناب چیئرمین صاحب! قلات چمن سیکشن کے بارے میں، میں نے کئی مرتبہ نیشنل ہائی وے کے اعلیٰ حکام سے بات کی ہے۔ انہوں نے مجھے باور بھی کرایا ہے اور اس بارے میں انہوں نے بار بار یہ وعدہ بھی کیا ہے کہ ہم اس کام کو شروع کریں گے اورتیس جون کی ہمیں تاریخ دی تھی لیکن جب میں اس اجلاس کے دوران آ رہا تھا تو انہوں نے FWO کی طرف سے صرف ایک بورڈ وہاں لگا دیا ہے۔ میں وزیر موصوف صاحب سے یہ گزارش کروں گا کہ وہ ہمیں طفل تسلی اور بچوں کی طرح للی پاپ نہ دیں بلکہ باقاعدہ زمین پر کام کریں اور ہمیں وہ کام نظر آئے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر : میرا خیال ہے مجھے اگلے سپیکر کو بلانا پڑے گا۔ جناب انصاری صاحب۔

سینیٹر عبدالطیف انصاری ، کل Leader of the Opposition نے یہ point اٹھایا تھا کہ حیدر آباد کے ایک ایم پی اے کو گرفتار کیا گیا ہے لیکن اس کے بعد اس کے whereabouts نہیں بتائے گئے لیکن آج کی اخبار میں یہ ہے کہ اس کو پکڑ کر اس کے بعد اس پر ایک اور جھوٹا کیس بنایا گیا ہے۔ میں کہتا ہوں کہ یہ victimization نہیں ہونی چاہیے۔ اجلاس چل رہا ہے اور اس دوران ایک ایم پی کی گرفتاری پارلیمنٹیرین اور پارلیمنٹ کے ساتھ زیادتی ہوگی اور یہ harassment ہوگی۔ میں سمجھتا ہوں کہ حکومت یہ کوئی اچھا کام نہیں کر رہی ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، شکریہ جی۔ جناب سواتی صاحب۔

سینیٹر محمد اعظم خان سواتی، جناب چیئرمین! میں تو سمجھتا تھا کہ ایس ایم ظفر صاحب نے جو تجویز پیش کی تھی بڑی عملی اور بڑی کارآمد تھی، وزن اسی لحاظ سے بھی تھا کہ Constitution کی basic requirement ہے، شخصی آزادی کے تحت right to travel ہر پاکستانی شہری کا بنیادی حق ہے۔ پھر یہ اس لحاظ سے بھی اچھا تھا کہ اگر ان کو اجازت دے دی جاتی تو میں یہ سمجھتا ہوکہ اس سے تمام اندرونی اور بیرونی مسائل حل ہو سکتے تھے۔ میں اس کو اس طرح enforce کروں گا کہ ایک دفعہ نبی کریم صلی اللہ علیہ آلہ وسلم کے پاس سارے صحابہ کرام جمع تھے ، سب اپنی اپنی فریاد اور اپنی دعاؤں کی استدعا کر رہے تھے تو ایک صحابی نے کہا کہ میرے لیے یہ دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ مجھے اچھے دوستوں کی محفل عطا کرے تاکہ وہ اچھا مشورہ دیں۔

میں سمجھتا ہوں کہ یہ Prime Minister Sahib کی خوش قسمتی ہے کہ وزیر موصوف صاحب اور ایس ایم ظفر صاحب جیسے دوست ہیں، میرا یہ خیال ہے کہ ہم سب کو یہ مشورہ دینا چاہیے کہ اس مسئلے کو ٹھنڈا کرنے کے لیے انہیں travel کرنے کی اجازت دی جائے۔ شکریہ جی۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، مہیم خان بلوچ صاحب۔

سینیٹر مہیم خان بلوچ، جناب چیئرمین! یہ کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں ہے کہ پچھلے بجٹ میں اور اس بجٹ میں بلوچستان کی communications جس میں road سرفہرست ہے،

اس میں کافی رقم مختص کی گئی ہے اور رقم بھی department کو release ہو چکی ہے۔ جن جن علاقوں کو میں نے دیکھا ہے اور محسوس کیا ہے کہ کام کس طرح ہو رہا ہے میں ذرا ان کی نشاندہی کرتا ہوں۔ مجموعی طور پر این ایچ اے کی کمان میں جو نہریں بن رہی ہیں یا جو سڑکوں کی مرمت ہوئی ہے اس میں کافی نقص ہے جو نئی سڑکیں بن رہی ہیں یا جن roads کے مرمت ہوئی ہے اس میں کافی نقص ہے۔ میں سب سے پہلے پسنی اور تربت کی بات کرتا ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ point raise کیجیئے۔

سینیٹر مہیم خان بلوچ: میں کہتا ہوں کہ جب پیسہ بھی release ہوا ہے، tender بھی ہوا ہے تو کام صحیح کیوں نہیں ہو رہا؟ میں اس چیز کی نشاندہی کر رہا ہوں۔ اتنی کثیر رقم ہے یہ ضائع نہ ہو۔ اس لئے میں کہتا ہوں کہ پسنی سے تربت تک کا ٹھیکہ ایسے بندے کو دیا گیا ہے کہ جس کے پاس ٹریکٹر تک بھی نہیں ہے۔ ایک بندے کے پاس جب مشینری نہیں ہے اور کچھ بھی نہیں ہے تو ایسے بندے کو کیوں ٹھیکہ دیا گیا۔ اس کے بعد تربت اور اوشاک کے درمیان کی بات آتی ہے۔ ہیرو کا مسئلہ ہے، وہاں کی عوام کا احتجاج ہے، گزشتہ ایک سال سے وہاں پر NHA نے روڈ کا کام روکا ہوا ہے، کیوں رکا ہوا ہے اسے حل ہونا چاہیے۔

تیسری بات یہ ہے کہ دوستوں نے سبی کی بات کی ہے، وہ تقریباً 160، 170 کلومیٹر ہے، اب تک وہ تقریباً 40 کلومیٹر مکمل ہوئے ہیں اور 120، 130 کلومیٹر باقی ہے۔ ابھی کام باقی ہے اور انہوں نے وہاں ٹول پلازہ قائم کر دیا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ پہلے throughout بلوچستان کے roads مکمل ہوں اور حکومت بلوچستان کو اعتماد میں لیا جائے، اس کے بعد ٹال ٹیکس کی بات ہونی چاہیے۔ اب مرمت کی بات پر آتے ہیں۔ میں نے خود اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے کہ بیلا کی جو مرمت ہوئی ہے وہ ناقص ہے، بیلے سے لے کر آوارا مرمت ہوا ہے، جو بھی کام ہوا ہے وہ سارا کام ناقص ہے۔ کوئٹہ سے لے کر نوشکی تک جو مرمت کے کام ہوئے ہیں وہ بھی سارے ناقص ہیں اور کھڈے بن چکے ہیں اور وہ بھی تین ماہ میں مکمل ہوئے ہیں۔ سب سے بڑی بات یہ ہے کہ لکھ پاس کا مسئلہ ہے، لکھ پاس بہت بڑی چڑھائی ہے اسے ہر ایک نے محسوس کیا ہے کہ یہاں گاڑیوں کو نقصان ہوا ہے۔ اس کے لئے فنڈ بھی مختص ہوئے کہ

FWO کو ٹھیکہ بھی دیا گیا اور یہیں ہمارے بابر صاحب نے اعلان کیا اور ایک کمیٹی بنائی کہ وہ جا کر اس کاافتتاح کرے۔ افتتاح تو اپنی جگہ پر، کچھ نظر ہی نہیں آ رہا کہ وہ پیسے کہاں گئے؟ وہ افتتاح کہاں گیا؟ جو ہماری سینیٹ کی کمیٹی بنائی گئی تھی وہ کس مقصد کے لئے بنائی گئی تھی؟

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، جی رضا صاحب۔

سینیٹر رضا محمد رضا، شکریہ جناب چیئرمین۔ جناب! میرا point of order نہایت اہم مسئلے کے متعلق ہے لیکن اس سے پہلے میں سرور کاکڑ اور پروفیسر خورشید صاحب کی اس رائے کی تائید کرتا ہوں کہ بلوچستان میں inter provincial harmony کے حوالے سے جو پارلیمانی کمیٹی ہے اس کی سفارشات مشاہد صاحب کی کمیٹی سے منظور بھی ہو چکی ہیں اور جو وسیم سجاد کی کمیٹی کی inter-provincial harmony اور constitutional amendment کے حوالے سے تھی، یہ منطقی انجام تک پہنچنی چاہیے، یہ پارلیمنٹ میں آنی چاہییں اور منظور ہو کر اس پر بلا تاخیر عمل در آمد ہونا چاہیے۔

جناب چیئرمین! میرا point of order ہمارے صوبے کی شہ رگ، ہرنائی کے ایک علاقے کے اہم مسئلے کے متعلق ہے۔ جناب! وہاں پر coal mines ہیں اور ان کے بڑے اہم ذخائر ہیں، یہ صوبے کے قیام میں آنے سے پہلے جب پختون، بلوچ اپنے حقوق کے لئے سرگرم عمل تھے اس وقت غیرقانونی allotment ہوئی تھی، اس میں ایک صاحب ہیں ان کا نام شیخ اسلام ہے، اس نے بڑے غیرقانونی کام کئے تھے اور وہ mines کے مزدوروں کا بڑے وحشیانہ طریقے سے استحصال کرتا رہا اور اس حد تک کہ اس نے پورے علاقے کے لوگوں سے بیگار لینا شروع کی پھر اس پر لوگوں نے احتجاج کیا اور صوبائی اسمبلی نے ایک قرارداد کے ذریعے اس کی ownership منسوخ کرنے کا مطالبہ کیا۔ وہاں کی پوزیشن یہ بن گئی کہ وزیر اعلیٰ صاحب نے کہا کہ میں اس کے تمام زورظلم سے بے بس ہوں۔ اب جو یہ ہمارے پیرا ملٹری کے مسلح ادارے، FC ، ملیشیا اور Rangers وغیرہ ہیں، ٹرین کی بوگیاں اب ہمارے سرکاری مسلح forces اس mine owner کے لئے بھرتے ہیں اور کاروبار جیسا کہ مزدور چلاتے ہیں وہ لوگ چلاتے ہیں۔

دوسری ایک بات سنیئے میں نے پہلے بھی یہ مسئلہ اٹھایا تھا کہ تمام معززین کو جیلوں میں ڈالا' اس میں students بھی اور منتخب لوگ بھی شامل ہیں۔ جناب! یہ کیا ہے؟ ایک شیخ اسلام جس نے غیرقانونی طور پر ہمارے ذخائر پر قبضہ کیا ہوا ہے اور سالوں سے لوٹ رہا ہے' اس کی ملکیت بھی غیر قانونی ہے اور اکیسویں صدی میں بیگار بھی لے رہا ہے۔ سٹیٹ کے ادارے مثلاً اس کا کوئلہ جلا رہے ہیں۔ یہ کسی مقام پر کوئی شرم کریں' میں مطالبہ کرتا ہوں کہ سینیٹ کی کمیٹی بنائی جائے جو یہ دیکھے کہ کیا ہم غلط بات کرتے ہیں کہ اس کی ملکیت قانونی نہیں ہے۔ وہاں پر علاقے کے لوگوں کا کتنا شدید احتجاج ہے' صوبائی اسمبلی کی کیا رائے اور مسلح forces کا کام یہ ہے کوئلہ برتا رہے ہیں۔ جناب! یہ صورت حال ہے یہ سنگین صورتحال ہے' اس کا notice لیا جائے۔ ہمیں بار بار ان ایوانوں میں ان چیزوں پر مجبور نہ کریں' اگر ہم غلط بولتے ہیں تو ہمیں بتائیں' اگر نہیں تو Interior Ministry دیکھ لے کہ ان کی forces کیا کر رہی ہیں۔ جناب! یہ صورت حال ہے۔

جناب پریذائیڈ نگ آفیسر، ٹھیک ہے جی۔ جناب امان اللہ کنرانی صاحب۔

سینیٹر امان اللہ کنرانی، میں اس معزز ایوان کے توسط سے بلوچستان کی ایک وفاقی اکائی کی حیثیت سے' اس کے ساتھ ہونے والی ایک زیادتی کی طرف توجہ دلاؤں گا۔ ایک طرف پارلیمانی کمیٹی کی بات ہو رہی ہے' ایک طرف کمیٹی کے چیئرمین اور جناب چوہدری شجاعت صاحب یہ فرما رہے ہیں کہ ہم بلوچستان کو بلوچستان کی توقعات سے زیادہ دیں گے۔ انہوں نے شاید درست کہا کہ ان کی توقعات سے زیادہ اس طرح دیا کہ پاکستان کی تمام وفاقی اکائیوں میں High Courts کے اندر Deputy Attorney General Federation کی نمائندگی کرتا ہے اور بلوچستان بھی اسی طرح کیونکہ اس کو وفاقی سمجھا جاتا تھا۔ اس لئے کمیٹی بننے سے پہلے تک وہاں Deputy Attorney General کی post موجود تھی' جونہی یہ کمیٹی بنی کیونکہ وہاں ہر چیز بلوچستان کی توقعات کے خلاف ہوتی ہے تو انہوں نے وہ post ہی ختم کر دی یعنی جو کچھ آپ کو ملنا چاہیے تھا' اس کی بجائے reduce ہو رہا ہے۔ ہر حق کو ختم کیا جا رہا ہے' اب مزید کچھ دینے کے بارے میں کوئی چیز سامنے نہیں آ رہی ہے۔ میں نے یہ توجہ دلائی تھی' اس کمیٹی

کے اندر، یہ Deputy Attorney General کی post صوبے سے ختم کی گئی ہے، بہت بڑی زیادتی ہے اور اس پر حکومت توجہ دے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر ، رضا ربانی صاحب! کیا آپ بولیں گے؟

سینیٹر وسیم سجاد، میرا خیال ہے کہ ان کی بات بہت مناسب ہے اور یہ عہدے ہی ہوتے ہیں جن سے صوبوں کو تقویت پہنچتی ہے، ان کی نمائندگی ہوتی ہے۔ میں کم از کم اپنی جانب سے ان کو یقین دہانی کرانا چاہتا ہوں کہ Law Minister صاحب کو بھی اور Prime Minister صاحب کو بھی جو ان کا مدعا ہے، منشا ہے، میں پہنچاؤں گا اور کوشش کریں گے کہ یہ seat بحال ہو جائے۔ Minister of State بھی بیٹھے ہیں، ان سے بھی بات کی ہے اور یہ بھی اس کی تائید کرتے ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر ، میں Law Minister صاحب سے request کروں گا کہ جو انہوں نے گزارشات کی ہیں، House کو اس پر کچھ بتا دیں۔

چوہدری شاہد اکرم بھنڈر، جناب چیئرمین! گزارش یہ ہے کہ جیسے میرے دوست جناب سینیٹر صاحب نے point out کیا I do not know the background of this case کہ یہ post abolish ہوئی ہے یا---

جناب پریذائیڈنگ آفیسر ، اس issue پر آپ سب ڈنڈی مار رہے ہیں۔

چوہدری شاہد اکرم بھنڈر، جناب! نہیں، نہیں۔ میرا خیال ہے کہ یہ میری Ministry سے پہلے کی بات کی ہوگی۔ بات یہ ہے کہ post abolish ہوئی ہے یا post vacant پڑی ہے، مجھے اس کا پتا نہیں ہے۔ If the post is abolished وہ بات اور ہے اور اس سلسلے میں جو بھی ہو گا we will come out and...

Mr. Presiding Officer: Very kind of you.

مولانا نصیب صاحب۔

سینیٹر مولانا گل نصیب خان، شکریہ جناب۔ کل صوبہ سرحد متنی کے مقام پر روڈ کو بند کرنے کا جو مسئلہ اٹھایا گیا، یہ ایک جگہ جہاں پر FATA اور settled area کا بالکل سنگم

ہے اور بدقسمتی سے قانون کو توڑنے والے لوگ، settled area میں کوئی واقعہ کر کے پھر جلدی ہی FATA میں پہنچ جاتے ہیں۔ وہاں پر روڈ کو تو بند کیا گیا تھا لیکن وہاں کی روایت یہ ہے اور حالات کچھ اس طرح ہیں کہ طاقت کے استعمال سے مسائل مزید بگڑ جاتے۔ صوبائی حکومت نے انتہائی مستعدی سے ان لوگوں سے مذاکرات کئے، اگرچہ اس میں وقت لگا لیکن طاقت کے استعمال سے گریز کیا اور دوسری روڈ لوگوں کے لئے کھول دی۔ Traffic بھی چلتی رہی لیکن وہاں حالات ایسے تھے کہ طاقت کے استعمال سے حالات مزید بگڑ جاتے ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، متضاد آراء آ رہی ہیں۔ جناب احمد علی صاحب، مولانا احمد علی صاحب۔

سینیٹر احمد علی، جناب! سوال یہ پیدا ہو رہا ہے کہ ایک اچھے leader نے آپ سے وعدہ کیا کہ آدھا گھنٹہ لیں گے، آپ نے سوا گھنٹہ اس پر گزار دیا ہے۔ جناب! دنیا میں اور بھی مسئلے ہیں اور بھی کام ہیں تو برائے مہربانی اس کو ختم کریں۔ سب نے سن لیا ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، last speaker کلثوم بی بی صاحبہ۔

سینیٹر کلثوم پروین، جناب چیئرمین! میں پری گل صاحبہ کی بات کو support بھی کروں گی۔ مختاراں بی بی کو چاہیے کہ اللہ تعالیٰ کی ذات سے انصاف مانگے تو وہ بہتر انصاف دے گا۔ مسئلہ یہ ہے کہ ڈاکٹر کوثر فردوس صاحبہ بھی اس بات کی گواہ ہیں کہ مختلف این جی اوز کے لوگ ہمارے پاس آئے ہیں کہ ہماری بیٹی، بہو یا بہن کے ساتھ بھی چار سال پہلے یہ واقعات ہوئے ہیں۔ آپ اسے highlight کریں۔ ایک تو یہ باہر چلی جائے گی اس کی زندگی سنور جائے گی۔ جناب چیئرمین! میرے خیال سے ایک مشرقی عورت ہوکر اپنی عزت کو معزز ایوانوں میں اچھال کر باہر سے امداد لے کر جانے میں کونسی عزت ہے۔ اس مسئلے کو یہیں wind up کیا جائے۔ ہمارے وزیر اعظم نے بہت اچھی طرح اسے protection دی ہے۔ جس طریقے سے انہوں نے انصاف دیا ہے شاید اسے کہیں نہ ملے۔ اس قسم کے مسئلے، شازیہ اور مختاراں مائی والے کیس، عزت والے کیسوں کو ان ایوانوں میں نہ اچھالا جائے۔ میری میڈیا سے بھی درخواست ہے کہ یہ کوئی ایسے قصے نہیں ہیں جس کے لئے ہم باہر سے لوگوں سے امداد

لیں یا funding کروائیں۔ جناب چیئرمین! اس کو wind up کرنا چاہیے۔

Mr. Presiding Officer: Thank you. Pari Gul to wind up the debate. Point of order.

سینیٹر آغا پری گل، جی پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب چیئرمین! میرے بھائی کنرانی صاحب نے جو پوائنٹ اٹھایا تھا میں اس کی تائید کرتی ہوں کہ وہاں بلوچستان میں جو سیٹ تھی اس کو ختم کیا گیا۔

دوسری بات، ہماری جیکب آباد والی سڑک ابھی بنی نہیں ہے تو ٹال ٹیکس جیسی خیرات پہلے سے مانگنی شروع کر دی ہے۔ میری آپ سے درخواست ہے کہ بلوچستان کے بارے میں جو پوائنٹ یہاں اٹھائے جاتے ہیں ان کو نوٹ کیا کریں۔۔۔۔

(مداخلت)

سینیٹر آغا پری گل، نہیں، کیوں نہ بولوں جو بات سچ ہے وہ سچ ہے۔ ابھی یہ تو نہیں ہے کہ میں کسی کی خاطر جھوٹ بولوں۔ میں آپ لوگوں کی طرح نہیں ہوں کہ تھوڑا سا کوئی issue ہو تو اس کو اتنا لمبا چوڑا کرتے ہیں۔ میں اللہ کو حاضر ناظر جان کر کہتی ہوں، اللہ کو جان دینی ہے میں جو بات کہوں گی سچ کہوں گی۔

جناب! میں اس کی بھی مخالفت کرتی ہوں۔ باقی ہمارا مستونگ تا قلات جو روڈ بنایا گیا ہے وہ ہائی وے والوں نے بنایا ہے مگر وہ آدھے راستے میں چھوڑ کر کام ختم کر گئے ہیں۔ دو گھنٹے کے اس راستے میں زیادہ کھڈوں کی وجہ سے چھ گھنٹے سے زائد لگتے ہیں۔ میں آپ سے آخری دفعہ یہ درخواست کروں گی کہ جتنے بھی ہم لوگ یہاں points of order پر اٹھے ہیں۔ براہ مہربانی آپ اس پر توجہ دیں۔ کیونکہ ہم لوگوں کو یہاں پر دو سال ہو گئے ہیں لیکن ایک بات پر بھی عمل نہیں ہوا ہے۔ تو کم از کم اس تیسرے سال کے شروع ہونے پر جو بھی ہمارے مسائل ہیں، ان کو حل کریں۔ شکریہ۔

Mr. Presiding Officer: Mian Raza Rabbani *sahib!* would you come to your seat?

Senator Mian Raza Rabbani: Just it has to be ...

Mr. Presiding Officer: Point of order.

Senator Mian Raza Rabbani : No, sir. It is fine..

Mr. Presiding Officer: Now, there is Item No.2 .

سینیٹر میاں رضا ربانی، پہلے adjournment motion آئے گی۔

Mr. Presiding Officer: It is No.3, Prof. Khurshid *Sahib*.

ADJOURNMENT MOTIONS: RE: HIGHWAY ROBBERIES.

Senator Prof . Khurshid Ahmed: It has been reported in TheDawn (February 28 , 2005) that Hihgway robberies in various parts of the country have assumed menacing proportions . Even capital city of Islamabad witnessed eight vehicles being looted in one day . This reveals a very serious breakdown of law and order in the country and it is a matter of urgent national importance.

I beg to move that the normal business of the House be suspended to discuss this matter of urgent national importance.

Mr. Presiding Officer: Is it opposed?

Senator Dr. Shehzad Wasim: Opposed.

Mr. Presiding Officer: Yes, please.

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد، جناب چیئرمین! مجھے بہت زیادہ تفصیل میں جانے کی ضرورت نہیں ہے ۔ پہلی بات تو ریکارڈ کی درستگی کے لئے میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ بلاشبہ واقعہ چار مہینے پرانا ہے۔ اور اسی وقت ہم نے اٹھایا تھا۔ لیکن بدقسمتی سے چونکہ پچھلے دو اجلاسوں میں adjournment motions نہیں آئیں ، اس لیے یہ تحریک التواء آج زیر بحث آئی ہے لیکن

جہاں تک مسئلے کا تعلق ہے وہ آج بھی اتنا ہی تازہ ہے بلکہ شاید اس سے زیادہ بڑھ گیا ہے۔ ملک میں insecurity عام ہے ۔ جان ' مال کوئی راستہ ایسا نہیں جو محفوظ ہو اور اسلام آباد جیسے ایک نمونے کا شہر ہونا چاہیئے اور اسے security کے اعتبار سے مثالی ہونا چاہیئے' یہ capital city ہے' diplomatic city ہے' ساری دنیا کا focus اس شہر پر ہے ' ملک کا ہر حصہ اہم ہے لیکن اگر اسلام آباد میں خرابی ہے تو اس کے معنی یہ ہیں کہ ملک کے باقی تمام علاقوں میں تو دس اور بیس گنا زیادہ خرابی ہوگی۔ اس بنا پر میں سمجھتا ہوں کہ یہ بڑا اہم مسئلہ ہے اور مجھے آپ اجازت دیں کہ اس سلسلے میں 'DAWN' نے جو comment کیا ہے وہ میں آپ کو ضرور سنا دوں

this incident adds a new dimension to the recent robberies being committed in the capital territory. It is galling for the victims that the robbers are seldom caught or the loot recoverd. The point to note about Thursday's incident plus a spate of house robberies over the past year in the same outskirts area of Islamabad point to the need for increased police vigilance to these parts of the capital which have more or less been neglected by the administration in every aspect. These newer non-sectoral zones are part of Islamabad capital territory as much as older sectoral zones are.

اس بنا پر جناب والا! میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک ایسا issue ہے کہ جس کے جلو میں law and order کی پوری situation پر بحث ہو سکتی ہے اور یہ کہ وزیر صاحب کو ہمارے اس initiative کو welcome کرنا چاہیئے اور اس ایوان کو موقع دینا چاہیئے کہ ایوان کے تمام افراد دو گھنٹے law and order کی عمومی situation پر بحث کریں اور خاص طور پر street robberies کے بارے میں' مزید یہ کہ thefts جو کاروں کو lift کرکے کی جا رہی ہیں ۔اس طرح اس واقعے میں ایک گھنٹے کے اندر مسلح افراد نے پوری سڑک کو بلاک کرکے جو آٹھ گاڑیاں گزریں ان میں سے ہر ایک کو لوٹا اور لاکھوں روپے لے کر آسانی سے چلے گئے اور جب پولیس

آئی تو سڑک صاف تھی۔ یہ اتنا اہم معاملہ ہے کہ اس کے اوپر لازماً سینیٹ میں مکمل بحث ہونی چاہیے۔ شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ ڈاکٹر شہزاد وسیم۔

سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم ، جناب چیئرمین! عزت مآب سینیٹر پروفیسر صاحب نے highway robberies اور بالخصوص اسلام آباد کے حوالے سے بات کی ہے اور انہوں نے ایک اخبار کا حوالہ بھی دیا۔ جناب والا! میں سب سے پہلے تو ریکارڈ کی درستگی کرنا چاہوں گا کہ اس سال ایسا کوئی واقعہ نہیں ہوا۔ پچھلے سال صرف ایک واقعہ ہوا تھا جس میں شہزاد ٹاؤن کے علاقے میں کچھ لوگوں نے سڑک روک کر وہاں لوٹ مار کی تھی جس کی ایف آئی آر بھی درج ہوئی اور اس پر کارروائی بھی ہوئی۔

جناب والا! اس کے ساتھ انہوں نے یہ بھی کہا ہے کہ highway robberies ملک بھر میں بڑھ گئی ہیں۔ اس سلسلے میں اعداد و شمار کے حوالے سے بات کرنا چاہوں گا اگر آپ 2002-2003 اور 2004 کے اعداد و شمار لیں تو 2002 میں 180 report ہوئیں' 2003 میں 174 اور 2004 میں 169 اور ایک سال کے ایک quarter میں چاروں صوبے اور اسلام آباد ملا کر چالیس۔ تو جناب والا! یہ اعداد و شمار بھی یہ بتاتے ہیں کہ جس خدشے کا اظہار کیا گیا ہے کہ کوئی upper trend ہے اور alarming proportion میں highway robberies increase ہوئی ہیں' اس میں کوئی شک نہیں کہ law & order کے مسائل رہتے ہیں مگر ایسی کوئی alarming بات نہیں ہے جس کی بنیاد پر ہم اس تحریک التوا کو oppose کرتے ہیں۔

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد ، یہ 25 فروری کا Dawn ہے جس کے اندر پوری تفصیل موجود ہے کہ یہ واقع ہوا ہے اور اس کے بعد 28 فروری کے Dawn کا Editorial ہے۔ جناب! یہ اسی سال کا واقعہ ہے۔

دوسری بات یہ ہے کہ جو آپ نے ابھی figures دی ہیں' اس میں آپ نے دیکھا کہ 2003 کے مقابلے میں 2004 میں robberies زیادہ ہو رہی ہیں۔ اس وقت وہ figures میرے پاس نہیں ہیں کل میں نے دی تھیں۔ میرے پاس جو مختلف reports ہیں ان سے صاف ظاہر

تھا کہ highway robberies برابر بڑھ رہی ہیں۔ اگر یہ 64 نہیں میں کہتا ہوں کہ 50 بھی ہوں تو بھی بہت زیادہ ہیں۔ آپ کو موقع دینا چاہیے تھا کہ لوگ اس کو discuss کریں۔ اس کے اسباب کیا ہیں اور اس پر کیسی اصلاحات کی ضرورت ہے تاکہ لوگوں کے لیے راستے محفوظ ہو سکیں۔ میرا خیال یہ ہے کہ جو باتیں وزیر محترم نے کہی ہیں وہ میری thoughts کو strengthen کرتی ہیں اور جو معلومات انہوں نے دی ہیں اس کی بنیاد پر اس بات کی زیادہ ضرورت ہے کہ ایوان میں اس مسئلے کے اوپر بات کی جائے۔

Mr. Presiding Officer: Would you like to add something?

سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم، جی' جناب! FIR کی کاپی میرے سامنے ہے اور 29-11-2004 کو FIR درج ہوئی ہے میں کسی اخبار پر comments نہیں کر سکتا۔ میں یہ document ہاؤس میں پیش کر رہا ہوں۔

Mr. Presiding Officer: In view of the statement of the honourable Minister and in view of the fact the issue of law and order has been discussed before the House, this motion is ruled out of order. Next we pass on to No.4.

RE: THE PERFORMANCE OF FC IN BALOCHISTAN.

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد، جناب والا! یہ تحریک میری اور اسماعیل بلیدی کی مشترک ہے۔ اس کا تعلق بلوچستان میں FC کی کارگزاری سے ہے۔ میں اس بات کا اعتراف کرتا ہوں کہ اس ملک کا ایک باخبر شہری ہونے کے باوجود FC کی جو کارگزاریاں' زیادتیاں بلوچستان میں ہو رہی ہیں مجھے اس کا پورا ادراک نہیں تھا۔ جب بلوچستان کی کمیٹی کے رکن کی حیثیت سے ہم نے وہاں جا کر وقت گزارا اور لوگوں سے directly کہانیاں اور واقعات سنے جو ان پر گزرے اور میں یہ بھی کہنے میں کوئی باک محسوس نہیں کر رہا ہوں کہ ہمارے سامنے ایک مرکزی وزیر جو ایک محترم سردار بھی ہیں' انہوں نے یہ بات کہی کہ FC جس طریقے سے صرف عام شہریوں کو نہیں اہم اور موثر افراد تک کے ساتھ معاملہ کر رہی ہے' میں نے فلاں فلاں علاقے میں جانا چھوڑ دیا ہے۔ میں دو سو کلو میٹر زیادہ راستہ اختیار کرتا ہوں لیکن ان چوکیوں سے avoid

کرتا ہوں۔ یہ کمیٹی کے سامنے ان کے الفاظ تھے، اپنی evidence میں اور وہ تنہا نہیں بلکہ جس جگہ ہم گئے، جس سے ہم نے بات کی، یہ ساری باتیں ہمارے سامنے آئیں۔

جناب! FC اس وقت بلوچستان کے عوام کے لیے ایک جابر، ظالم قوت بن گئی ہے۔ Corruption لوگوں پر تشدد، ان کو لوٹنا اور بے چارے افراد کمبل یا جو سامان وہ لے کر آتے ہیں، اتنی evidences ہمارے سامنے آئیں کہ حقیقت یہ ہے کہ میرا دل خون کے آنسو رو رہا تھا۔ جب یہ واقعہ ہوا اور جو بلیدی کے علاقے میں ہوا ہے، میں نے ضروری سمجھا کہ اس کو adjournment motion کا موضوع بناؤں تاکہ اس ایوان کے سامنے FC کے بارے جو کچھ ہو رہا ہے وہ کھل کر آئے اور پھر Ministry of Interior لازماً اس معاملے پر موثر کارروائی کرے بلکہ حقیقت تو یہ ہے کہ چوکیاں ختم کرے۔ FC کا وہاں پر کوئی role نہیں ہے۔اس لیے میں سمجھتا ہوں کہ یہ اتنا اہم مسئلہ ہے اور اس کو لازماً قبول و منظور ہونا چاہیے تاکہ ایوان اس پر بات کر سکے۔ اس میں میرے معاون اسماعیل بلیدی صاحب ہیں وہ مزید تفصیلات آپ کے سامنے پیش کریں گے۔

Mr. Presiding Officer: Yes, Buledi Sahib.

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی، جناب چیئرمین! جیسا کہ پروفیسر صاحب نے تف[illegible] بیان فرمایا۔ FC کی زیادتیاں جو بلوچستان میں ہیں وہ کسی سے پوشیدہ نہیں ہیں۔ جناب چیئرمین! یہاں کئی بار کئی ارکان ان نے ان کے بارے میں شکایات کی ہیں اور آپ بلوچستان کے مختلف سرحدی علاقوں میں جائیں، آپ وہاں پر کھلی کچہری میں، عام لوگوں سے جا کر پوچھیں۔ میں نے IG, F.C سے بھی کہا تھا کہ اگر آپ ہماری باتوں پر یقین نہیں رکھتے ہیں تو آپ ہمارے ساتھ چلیں۔ کھلی کچہری لگائیں اور عام لوگوں سے پوچھیں کہ FC والوں کے بارے میں آپ کے کیا تاثرات ہیں؟ ان کے تاثرات یہ ہیں کہ FC والے ہمیں مارنے کے لیے ہیں، یہ ہماری حفاظت کے لیے نہیں ہیں۔ یہ ہمیں قتل کرنے کے لیے آئے ہیں، ہم پر فائرنگ کرنے کے لیے ہیں۔ اگر کوئی دور سے FC والے کو دیکھے تو وہ ڈر جاتا ہے، چھپ جاتا ہے کہ وہ مجھے نہ دیکھے حالانکہ یہ FC والے ہماری پاکستانی فوج کا حصہ ہیں، وہ ہماری حفاظت کے لیے گئے

ہیں لیکن وہاں لوگوں کے ساتھ یہ زیادتی کرتے ہیں۔ حالانکہ یہ وہاں پر اس لیے تعینات ہیں کہ وہ منشیات اور اسلحہ کو control کریں، ان کی روک تھام کریں۔ یہ دونوں چیزیں کھلے عام ہیں۔ میں drug کے بارے میں کہتا ہوں کہ مکران اس کا بہت بڑا route ہے۔ یعنی پنجگور سے ہو کر گوادر تک، وہاں پر دریا میں ایئربین load ہو کر امریکہ اور یورپ میں جا رہے ہیں اور اس کے گواہ موجود ہیں۔ وہاں کرنل اور جنرل بھی موجود ہیں لیکن وہ اس سے چشم پوشی کرتے ہیں اور وہ کھلے عام لے جا رہے ہیں۔ اسلحہ کی نمائش کوئٹہ میں کھلے عام ہے۔ آپ تربت جائیں بلکہ کہیں بھی جائیں اس پر کوئی control نہیں ہے لیکن اگر لوگ دو لیٹر ڈیزل یا پیٹرول لاتے ہیں اپنے استعمال کے لیے، اپنے ٹیوب ویل کے لیے، اگر خورد و نوش کے item لاتے ہیں، اگر وہ دس بوری سیمنٹ لاتے ہیں، اگر وہ کیک یا بسکٹ لاتے ہیں تو وہ ان لوگوں کو پکڑتے ہیں ان کی گاڑیوں کو ضبط کر لیتے ہیں۔ ہمارے علاقے میں جناب چیئرمین! کوئی سہولت نہیں ہے، سرحدی علاقہ ہے۔ وہاں پاکستان کی سہولت موجود نہیں ہے۔ اگر ہم ایران سے اپنے لیے خورد ونوش کی اشیاء نہ منگوائیں اور استعمال نہ کریں تو ہم بھوک سے مر جائیں گے۔ ہم afford نہیں کر سکتے پاکستان کے پیٹرول کو۔ ہمارے علاقے میں کوئی روزگار نہیں ہے۔ ہم غریب لوگ ہیں۔ ہم نے جو adjournment motion دی ہے، ناگزامرا، میرے گھر سے تقریباً 25 کلومیٹر پر واقع ہے۔ جب مجھے یہاں بتایا گیا تو میں یہاں سے specially اس گاؤں میں گیا۔ وہاں یہ FC والے گئے، تقریباً 100 کی نفری تھی وہاں پر لوگوں پر فائرنگ کی اور لوگوں میں گھس گئے، عورتوں پر فائرنگ کی، معصوم بچوں پر فائرنگ کی اور 14 لوگوں کی آنکھوں پر پٹی باندھ کر اپنے کیمپ میں لے گئے۔ یہ کیا مذاق ہے؟ آخر ہم پاکستان کے شہری ہیں یا نہیں؟ اگر یہ سلوک ہے آپ کی FC کا؛ میں نے وزیر داخلہ کو بھی خط لکھا، IG, F.C. کو بھی خط لکھا کہ اس کی inquiry کریں لیکن ہمارے youngest Minister یہاں پر بیٹھے ہوئے ہیں، جب میں ان کو کہتا ہوں کہ آپ کے پاس اختیارات نہیں ہیں، یہ اس کو عیب سمجھتے ہیں حالانکہ اس کو accept کرنا چاہیے کہ ان کے پاس کوئی اختیار نہیں ہے۔ ایک IG, F.C. جو بھی کرے پورے بلوچستان میں وہ مالک ہے اور یہ ایک حوالدار، ایک سپاہی کی اگر transfer کردے تو میں اس کو challenge کرتا ہوں۔ لہذا میں سمجھتا ہوں جناب چیئرمین! یہ بہت اہم مسئلہ ہے، لوگوں کے

موٹرسائیکل بھی لے گئے، لوگوں کے زیورات بھی لے گئے، لوگوں پر فائرنگ بھی کی گئی، اس چیز کی inquiry ہونی چاہیے۔ اس سلسلے میں ایک کمیٹی بنائی جائے اور اس پر House میں debate کے لیے وقت مقرر کیا جائے۔ اگر ان کی یہی زیادتی رہی اور انہوں نے اپنی یہ زیادتی بند نہیں کی تو بلوچستان کی حالت آپ کو پتا ہے، لوگ سڑکوں پر نکلیں گے اور اپنے آپ کو مروانے کے لیے بھی تیار ہوں گے۔ ان کو لگام دیں۔ اگر یہ ان کو لگام نہیں دے سکتے تو ہم بھیک نہیں مانگتے ہیں، ہم زبردستی اپنا حق مانگتے ہیں۔ اگر حق مانگنا کوئی جرم ہے تو ہم یہ جرم ہزار دفعہ کریں گے۔

Mr. Presiding Officer: Thank you very much. Is this Motion opposed?

Senator Dr. Shahzad Wasim: Opposed.

سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم، جناب پہلی بات ایف سی کے role کے بارے میں ہے اور دوسری بات یہ ہے کہ معزز ممبر بلیدی صاحب نے اس واقعے کی طرف اشارہ کیا۔ میں دونوں کا جواب دینا چاہوں گا۔

جناب ایف سی اس وقت 2100 کلومیٹر کے بارڈر کو دیکھ رہی ہے بلکہ اس کے علاوہ anti smuggling منشیات کے کنٹرول کے لئے اور administration کو کبھی law and order کی situation درپیش ہو تو assist کرنے کے لئے بھی اپنے فرائض سرانجام دے رہی ہے۔ مکران سکاؤٹس کا یہاں پر ذکر ہوا تو میں یہ کہنا چاہوں گا کہ وہ نہ صرف یہاں پر اپنی ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں بلکہ مصیبت اور آفات کے سلسلے میں بھی انہوں نے بڑھ چڑھ کر اپنی عوام دوستی کا ثبوت دیا ہے۔ آپ کو یاد ہوگا پچھلے دنوں جب وہاں پر سیلاب آیا، بارشوں کی وجہ سے تباہی مچی تو یہی مکران سکاؤٹس تھے جو اس وقت وہاں گراؤنڈ پر موجود تھے۔ انہوں نے ہی وہ ریلیف آپریشن کیا اور انہوں نے ہی اپنے مصیبت زدہ بھائیوں کی مدد کی۔ یہی وہ مکران سکاؤٹس کے سپاہی تھے جنہوں نے اپنی تنخواہ میں سے بھی donations دیے۔ جناب! مکران سکاؤٹس کے سپاہی ہی ہیں جو تربت میں ایک سکول بھی چلا رہے ہیں۔

جہاں تک اس واقعے کا انہوں نے ذکر کیا تو بلیدی صاحب سے میں یہ توقع کرتا تھا کہ وہ یہ بیان کرنا بھی پسند کرتے کہ اس سے پہلے کیا ہوا۔ جناب! یہی مکران سکاؤٹس کے لوگ، یہی نوجوان جو اس ملک کے شہری بھی ہیں وہ بھی اتنے ہی اس ملک کے شہری ہیں جتنا کہ کوئی اور۔ ان کے بھی بچے ہیں، ان کے گھروں میں بھی لاشوں پر کوئی رونے والا ہے۔ جب وہ اپنی سرکاری ڈیوٹی سرانجام دے کر واپس جا رہے تھے تو ان کے convoy کو ambush کیا گیا اور پانچ ایف سی کے جوانوں کو شہید کیا گیا۔ تین شدید زخمی ہوئے۔ جناب! اس واقعے کے بعد ان شرپسندوں کو تلاش کرنے کا سلسلہ شروع ہوا اور یہ اطلاعات ملیں کہ یہ لوگ نال کے علاقے میں موجود ہیں۔ وہاں پر search operation کیا گیا جس کے نتیجے میں چودہ افراد کو حراست میں لیا گیا۔ مگر میں یہاں پر یہ بھی بیان کرنا چاہوں گا کہ پوچھ گچھ کے بعد ان کو چھوڑ دیا گیا۔ اگر صرف اور صرف victimization ہوتی تو پھر معاملات کہیں اور بھی جا سکتے تھے۔ اس کے علاوہ ایک ذاتی بات کہ بلیدی صاحب ہمارے بڑے اچھے دوست ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ سارا ہاؤس بھی ان سے محبت کرتا ہے اور کسی کے اختیار یا بے اختیار ہونے کا فیصلہ کرنے سے پہلے وہ اپنے ان ذاتی تجربات کو بھی دہرا لیں کہ جب خود اس ہاؤس میں بلیدی صاحب کے لئے ایک problem ہوئی تھی، جب یہ travel کر رہے تھے اور ان کے ساتھ ایک واقعہ پیش آیا تو شاید اس ہاؤس میں آواز اٹھانے اور ان کے لئے کام کرنے میں بھی ہم سب سے پہلے تھے۔ شکریہ۔

سینیٹر رضا محمد رضا، پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، آپ نے تو کہا تھا کہ میں point of order raise نہیں کرتا۔

سینیٹر رضا محمد رضا، پچھلی دفعہ نہیں کیا تھا۔ اس matter سے متعلق، فرنٹیئر کور سے متعلق ہے۔ جناب! پاکستان میں اس وقت تاج برطانیہ کی باقیات میں سے بہت کچھ ابھی تک ہیں، لیکن اس کی physical aggression کے جو symbols ہیں ان میں فرنٹیئر کور ایک ایسا symbol ہے جس کی recruitment بلوچستان سے نہیں ہوتی بلکہ بلوچستان کے باہر سے

ہوتی ہے اور ہم نے یہ کمیٹی کے سامنے بڑی تفصیل کے ساتھ رکھا تھا کہ 33 ہزار افراد پر مشتمل اس فورس کا بجٹ بلوچستان کے total development budget سے بھی بڑا ہے۔ اس فورس نے بلوچستان کے اندر 584 چیک پوسٹیں جون 2004 تک قائم کی تھیں اور انہوں نے 120 کے قریب مزید چیک پوسٹیں بنائی ہیں۔ یعنی بلوچستان کی جو 6.5 ملین آبادی ہے اس میں سے ہر دس ہزار افراد پر ایک چیک پوسٹ ایف سی نے قائم کی ہے۔ یہ ratio کشمیر میں، چیچنیا میں بھی نہیں ہے اور اسرائیل نے فلسطینیوں کے لئے بھی اس ratio کے مطابق چیک پوسٹیں قائم نہیں کیں۔ ان چیک پوسٹوں پر کرپشن ہوتی ہے، یہ چیک پوسٹیں بکتی ہیں۔ دس دس لاکھ روپے فی گھنٹہ اور فی دن کے حساب سے بکتی ہیں۔ ہم نے اس سے پہلے بھی مطالبہ کیا تھا کہ Frontier Corps کو ہٹایا جائے۔ بلوچستان کے عوام اپنی حفاظت کے خود حقدار ہیں۔ Frontier Corps کا جو structure ہے اس کو مکمل طور پر تبدیل کیا جائے۔ جو پنجاب سے تعلق رکھنے والے لوگ ہیں ان کو پنجاب بھیجا جائے جو پختونخواہ سے آئے ہوئے ہیں ان کو پختونخواہ بھیجا جائے۔ بلوچستان کے اندر بے روزگاری ہے، قحط ہے، لوگ بھوک سے مر رہے ہیں، پیاس سے مر رہے ہیں جبکہ بیرونی صوبوں سے ۲۳ ہزار کے قریب افراد لاکر ایک فورس کھڑی کر دی گئی ہے جو ایک ایلیٹ فورس ہے، اس لئے وہ مارے جا رہے ہیں۔ ان پر attacks ہو رہے ہیں۔ یہ legitimate attacks ہیں کیونکہ لوگوں کے ساتھ اس طرح کی زیادتیاں ہوتی ہیں فلسطینیوں کو جب یہ حق پہنچتا ہے کہ اسرائیلی فورسز کو ماریں، جب کشمیریوں کو یہ حق پہنچتا ہے کہ انڈیا کی پیرا ملٹری فورسز پر attacks کریں جو ان کی عورتوں کی عزتوں کے ساتھ کھیلتے ہیں تو جناب! بلوچ کو بھی یہ حق حاصل ہو جاتا ہے کہ وہ Frontier Corps کے ایسے ظالم اور دہشت گرد لوگوں کے خلاف اپنے رد عمل کا اظہار کریں۔ لہذا، self defence کا جو legitimate right ہے بلوچ اس سے دستبردار نہیں ہو سکتا اور ہم یہ request کریں گے کہ اس پر House میں debate کی جائے۔ بلوچستان میں ۷۳ سے ۷۷ تک جو ملٹری آپریشنز ہوئے Frontier Corps اس کی reason تھی۔ آج بلوچستان میں جو unrest ہے، آج بلوچستان کے اندر جو بدامنی ہے، آج بھی اس کی وجہ Frontier Corps ہے لہذا، اگر Frontier Corps بلوچستان میں رہتی ہے تو شاید بلوچستان اور وفاق کے تعلقات کسی بھی وقت normal یا

مستقل امن کی طرف نہیں بڑھ سکیں گے۔ شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی منسٹر صاحب۔

سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم: جناب چیئرمین! ابھی فاضل ممبر نے جو بات کی۔ اس میں ایک بات بڑی اہم ہے جس کا میرے خیال میں پورے House کو نوٹس لینا چاہیے انہوں نے کہا کیونکہ یہ دوسرے صوبوں سے وہاں پر موجود ہیں، اس وجہ سے اس صوبے والوں کو یہ حق پہنچتا ہے کہ وہ ان کو قتل کریں اور ان کو ماریں۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ بڑی نا انصافی ہے اور بڑی غلط بات ہے۔ اگر آپ یہ روش اختیار کرتے ہیں۔ ہم اس ملک میں چار بھائی ہیں۔ یہ کیسی بات کرتے ہیں۔ آپ معاملات کو کس طرف لے کر جا رہے ہیں؟ دوسری بات یہ ہے کہ اگر ان کی کوئی suggestion ہے-------

Mr. Presiding Officer: I think, it is a motion. Let us treat it as such. It is not going to be a regular debate.

میں نہیں سمجھتا کہ we should bypass the procedures اگر آپ-----

سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم: جناب! میں بات complete کر لوں۔ دوسری بات یہ ہے جیسا کہ انہوں نے کہا کہ ہر مسئلے کا ایک سیاسی حل بھی ہوتا ہے۔ بالکل بلوچستان کمیٹی بھی ہے اور سارے فورم موجود ہیں۔ وہاں پر جو بھی ان کی suggestion آتی ہیں، جو بھی فیصلے ہوتے ہیں ہم ان کو مانتے ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: نہیں، میرا خیال ہے کہ اگر اس کو as a regular policy debate لے آئیں۔ آپ اس کو لے کر آئیں۔

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد: ہم اس کو ابھی لا رہے ہیں۔

Mr. Presiding Officer: This motion is out of order in that context. Adjournment Motion is relatable to ....

Senator Mian Raza Rabbani: Sir, please, before you give your ruling hear me out, after Professor sahib, I would draw your

attention to the motion first and then we go through the rules. I would beseech you that you have already said that this should come as a motion under 194 for discussion of policy. Now, if you feel that it is a matter of significant importance and that it should be discussed as a motion under 194. Therefore, that means you as the Presiding Officer are basically seized of the importance of this question and I would just stop there as far as that observation is concerned and I would most humbly request you sir, to keep that observation in mind while coming to a final conclusion as to whether this motion is in order or not. Now, sir, I would take you to the motion itself. The motion reads that the abuse of power and atrocious behaviour of the C. in Balochistan generally and in Makran, Nag Zamuran Buleda in particularly are assuming menacing proportions for the people of the area. It is a matter of urgent national importance and we beg to move that the normal business of the House be suspended to discuss the role of F.C. in Balochistan particularly in the above mentioned areas. Now, sir, this is the motion. After reading this motion I would like to draw your attention and take you to the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1988 and I would like to draw your attention to Rule 75 and that is at page 34 of the book. Are you with me sir?

Mr. Presiding Officer: Yes. Why not?

Senator Mian Raza Rabbani: Now, if you permit me sir, I would read Rule 75. Rule 75 is the condition of admissiblity of an

Adjournment Motion and that is, a motion shall not be admissible unless it satisfies the follwoing conditions, namely:- Now what are those conditions. Condition No.1.

(a) "it shall raise an issue of urgent public importance". Is the issue not of urgent public importance. The role of the FC in these three particular areas, in the light of the news reports that are coming in the national media that the FC is coming under attack, that the people of Balochistan are dissatisfied with the role of the FC in the area and couple this with your observation. That a motion under 194 should be made out so that the policy of the government with regard to the FC in Balochistan can be taken into consideration. So, the first conditionality of Rule 75 is fulfilled and I think that to a great extent you yourself sir, are convinced since you made that observation that this be taken up under rule 194. Now I move on sir, with your permission clause (b) it shall relate substantially to one definite issue; this relates substantially to one definite issue and what is that one definite issue that one definite issue is the role of the FC in those three particular areas in the Province of Balochistan. So, the Adjournment Motion in terms of sub- clause(b) is also in order, it relates to one definite issue. Now, I take you to (c) sir, it shall be restricted to a matter of recent occurrence of which a notice has been given at the earliest opportunity. This amply meets this because even till yesterday incidents against the FC are being reported in the National Press and notice of this has been taken as early as the 28th of April, 2005, it is a different matter that because of our procedural matters,

the Adjournment Motion has not been able to come up earlier, but conditionality No. (c) of Rule 75 is also being met. Now, let us come to (d) it shall not revive discussion on a matter, including the discussion on the admissibility of an adjournment motion which has been discussed in the Senate or in the Assembly within last four months. This matter with regard to role of the FC in particular to these three areas has neither been brought up in the Senate of Pakistan, nor has it been taken up in the National Assembly of Pakistan. Therefore, the requirement in terms of sub-rule (d) is also implemented by this motion which is before for the sub-clause(e) it shall not anticipate a matter for the consideration of a date that has been previously appointed. This is not applicable in this case. Neither this or the others from, " f to m". It shall not relate to a matter of Privilege, it dose not relate to a matter of Privilege. It shall not deal with the hypothetical case, it is not dealing with hypothetical case.

It shall not relate to a matter which can only be remedied by legislation, it does not pertain to a matter which can be remedied by legislation. So, therefore sir, on all accounts, this Privilege Motion falls beautifully tailored, within the ambit of Rule 75. Therefore, I would request you that keeping your own observations in mind, if the House is going to take it up as a motion under Rule 194, then let it be taken up as an Adjournment Motion when it is meeting all the requirements. I have shown to you just two minutes ago that all the requirements and ingredients of Rule 75 are being met by this motion. Therefore, I would most humbly request you sir, to rule the Motion in order.

جناب پریذائیڈ نگ آفیسر : شہزاد وسیم صاحب۔

سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم، جناب والا! میں آپ کے notice میں یہ بات لانا چاہ رہا تھا کہ پہلا point انہوں نے بتایا ہے کہ .it should be of a recent occurrence لیکن یہ جو واقعہ ہوا ہے---

(اس موقع پر مغرب کی اذان سنائی دی)

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد : جناب والا! .Point of order

سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم، جناب والا! میں پہلے اپنی بات مکمل کر لوں۔

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد ، جناب والا! It is a real point of order under the rules.

Mr. Presiding Officer: What is point of order?

اس وقت rules کی بات ہو رہی ہے۔ آپ بھی اپنا point of order, rules کے مطابق ہی رکھیں۔

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد ، جناب والا! میں آپ کی توجہ اس طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ وزیر قانون نے ہاؤس میں Lobby میں جاکر اپنے staff سے بات چیت کی ہے۔ یہ بات rules کے خلاف ہے۔ کوئی وزیر movement بھی نہیں کر سکتا لیکن وزیر قانون کا ایسا کرنا قطعاً قانون کے خلاف ہے۔ آپ اس point of order پر Ruling دیں۔ The Minister must behave according to the rules.

جناب محمد وصی ظفر (وفاقی وزیر قانون)، جناب والا! اس پر میرا موقف بھی سن لیں۔

جناب پریذائیڈ نگ آفیسر : جی۔

Mr. Muhammad Wasi Zafar: I can assure you that I have never entered into the Lobby. I was standing in the House. I did not enter into the Lobby.

Senator Prof. Khurshid Ahmad: From the House any contact by any member is against the rules.

سینیٹر میاں رضا ربانی، اگر Law Minister Sahib House میں rules نہیں پڑھ کے آتے تو ہم کیا کریں۔

سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم،جناب چیئرمین! ایک منٹ لوں گا۔

جناب پریذائیڈ نگ آفیسر،Rules پر بات کرنی ہے صرف۔

سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم، جی اسی کے بارے میں' ابھی recent occurrence کی بات ہوئی ہے،جس میں نال بوبیدہ میں ہونے والے واقعے کا ذکر کیا گیا تھا میں صرف اس کی date آپ کو بتانا چاہوں گا کہ 31 جنوری 2005، کا واقعہ ہے۔ میں clear کرنے کے لیے یہ date بتانا چاہ رہا تھا. It is not a recent occurrence sir.

Mr. Presiding Officer: Thank you, I think this Adjournment Motion, to my mind, is not covered by Section 75 and reasons are subject to what Raza Rabbani would say----, the Section has to be read injunctively and not disjunctively, every clause ends with a semi colon and there is a full stop at the end of them. I rule it out of order and I think this is end of the motions. We will pass on to the next item after Maghrib. We break for about 15 minutes and meet again after fifteen minutes. Thank you very much.

(The House was then adjourned for fifteen minutes for Maghrib prayers)

(The House reassembled after Maghrib prayers with Presiding Officer Senator Dr. Khalid Ranjha in the Chair).

Mr. Presiding Officer: Adjournment motions being over.

Now, we will pass on to the next item. Item No.2. Ch. Muhammad Anwar Bhinder.

Senator Ch. Muhammad Anwar Bhinder: Sir, I beg to move that under of Rule 171 (1) of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1988, the time for presentation of report of the Standing Committee on the Legal Practitioners and Bar Councils (Amendment) Bill, 2005 be condoned till today.

Mr. Presiding Officer: I put the motion.

(The motion was adopted)

Mr.Presiding Officer: The motion stands laid. Next item. No.3

Senator Ch. Muhammad Anwar Binder: Sir, I beg to present the report of the Standing Committee on Legal Practitioners and Bar Councils (Amendment) Bill, 2005.

Mr. Presiding Officer: The report stands laid. Now, we come on to item No.4.

THE DECORATIONS (AMENDMENT) BILL 2005

Mr. Wasi Zafar : Mr. Chairman sir, I beg to move that the Bill further to amend the Decorations Act, 1975 [The Decorations (Amendment) Bill, 2005], as passed by the National Assembly, be taken into consideration.

Mr. Presiding Officer: As it is not opposed, it has been moved that the Bill further to amend the Decorations Act, 1975 [The Decorations (Amendment) Bill, 2005], as passed by the National

Assembly, be taken into consideration.

(The motion was adopted)

Mr. Presiding Officer: The motion is carried. Now, we take up the second reading of the Bill i.e. clause by clause consideration of the Bill. There is an amendment in the name of Prof. Ghafoor Ahmed and Prof. Muhammad Ibrahim Khan in clause. Please move the amendment.

Prof. Ghafoor Ahmed: Sir, I have discussed the amendment with the Leader of the House. I am not moving it. Thank you.

Mr. Presiding Officer: The question before the House is that Clause 2 do form part of the Bill.

(The Motion was carried)

Mr. Presiding Officer: Clause 2 stands part of the Bill. Now Clause 3. The question is that Clause 3 do form part of the Bill.

(The Motion was carried)

Mr. Presiding Officer: Clause 3 stands part of the Bill. Now we take up Clause 1, Preamble and Title of the Bill. The question is that Clause 1, Preamble and Title do stand part of the Bill.

(The Motion was carried)

Mr. Presiding Officer: Clause 1, Preamble and Title stand part of the Bill. Now we come to Item No.5.

Ch. Shahid Akram Bhinder Sir, I beg to move that the Bill further to amend the Decorations Act, 1975 [The Decorations (Amendment) Bill, 2005], be passed.

Mr. Presiding Officer: It has been moved that the Bill further to amend the Decorations Act, 1975[The Decorations (Amendment) Bill, 2005], be passed.

(The motion was carried)

Mr. Presiding Officer: The motion is adopted and the Bill stands passed.

Senator Wasim Sajjad: Sir, because of certain technical difficulties, we have decided not to take up the other legislation. We will take it up a day after tomorrow.

Mr. Presiding Officer: What is the time decided for tomorrow?

Senator Wasim Sajjad: Tomorrow afternoon at five.

سینیٹر آغا پری گل ، جناب ! عورتوں کا بھی خیال کریں اور صبح کا session رکھیں۔

سینیٹر وسیم سجاد ، یہاں خواتین اتنا موثر کردار ادا کر رہی ہیں اور یہاں distinction نہیں ہونی چاہیے۔

Mr. Presiding Officer: So, we go back to the adjournment motions. We take Item No.5 Mian Raza Rabbani.

سینیٹر آغا پری گل ، ہم جناب ! کل پانچ بجے نہیں آئیں گی۔

(Pause)

Mr. Presiding Officer: Just one minute. We are talking not formally. Since I had announced that the time for motions is over, there are Ministers left. Can we take up tomorrow?

(Interruption)

Mr. Presiding Officer: So, in that case these motions which have not been taken up today, that is, No. 5, 8 and 9, we can take them tomorrow. The House is adjourned till tomorrow at 5.00 p.m..

[The House was then adjourned to meet again on Wednesday, 15th June, 2005 at 5.00 p.m.]